★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27..... شمارہ نمبر 274 بروز جمعرات 2 جولائی 2026ء 16 محرم الحرام 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان..... ایڈیٹر: ایم ایس خان

نامعلوم ہیکرز کا بھارتی میڈیا پر سائبر حملہ، اے بی پی نیوز کی نشریات، ویب پلیٹ فارمز اور موبائل ایپس متاثر

نئی دہلی (آن لائن) نامعلوم ہیکرز کی جانب سے بھارتی میڈیا اداروں پر مبینہ سائبر حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تازہ اطلاعات کے مطابق بھارتی نیوز چینل اے بی پی نیوز کی نشریات، آن لائن اسٹریمنگ پلیٹ فارمز اور موبائل ایپلی کیشنز کو نشانہ بنایا گیا، جس کے باعث بعض ڈیجیٹل سروسز متاثر ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ہیکرز نے اے بی پی نیوز کے بعض آن لائن پلیٹ فارمز پر قرآنی آیت اور ایک ویڈیو بھی نشر کی۔

بی بی آصفہ بھٹو زرداری کی جنوبی کوریا کی نئی وزیراعظم ہان سیونگ سوک کو مبارکباد

اسلام آباد (آن لائن) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے جنوبی کوریا کی نئی وزیراعظم ہان سیونگ سوک کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہان سیونگ سوک کی تقرری خواتین کی قیادت کیلئے اہم سنگ میل ہے، جنوبی کوریا کی نئی وزیراعظم کی تقرری ان کی شاندار قیادت کا اعتراف ہے۔ ایک بیان میں بی بی آصفہ بھٹو نے کہا کہ خواتین کا قیادت کے اعلیٰ عہدوں تک پہنچنا قومی ترقی کیلئے انتہائی اہم ہے، جنوبی کوریا کی نئی وزیراعظم کی کامیابی خواتین کیلئے حوصلہ افزا مثال ہے

تمام صوبے مقامی سطح پر خطرے سے دوچار اضلاع میں دریاؤں کی گزرگاہوں اور سیلاب کی ممکنہ راستوں میں ناجائز تجاوزات اور دیگر مسائل کا پیشگی موثر حل یقینی بنائیں، اجلاس میں ہدایت

مون سون سیزن میں ممکنہ سیلابی صورتحال اور خطرات سے بچاؤ کیلئے جامع روڈ میپ تیار کیا جائے

شہباز شریف

وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی زیر نگرانی نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ وفاقی وزارتوں پر مشتمل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو صوبائی متعلقہ اداروں سے عملی تعاون کیلئے کام کرے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ماضی کے تجربات کی روشنی میں اس سال مون سون سیزن میں ممکنہ سیلابی صورتحال اور خطرات سے بچاؤ کے لیے اقدامات جامع روڈ میپ کے تحت ترتیب دیے جائیں۔ تمام صوبے مقامی سطح پر خطرے سے دوچار اضلاع میں دریاؤں کی گزرگاہوں اور سیلاب کی ممکنہ راستوں میں ناجائز تجاوزات اور دیگر مسائل کا پیشگی موثر حل یقینی بنائیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت مون سون سیزن کی پیشگی تیاری اور موسمیاتی تغیر اور ماحولیاتی خطرات سے بچاؤ کے نظام پر جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے۔ موسمی تغیرات کے قومی سطح کے خطرات سے نبرد آزما ہونے کے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر1)

بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنی محنت کی کمائی پاکستان بھیج کر زرمبادلہ میں اپنا اہم حصہ ڈالتے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنی محنت کی کمائی پاکستان بھیج کر زرمبادلہ میں اپنا اہم حصہ ڈالتے ہیں اور ہدایت کی ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود کیلئے جاری منصوبوں و اقدامات میں مزید تیزی لا (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر2)

آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات، 6 جولائی کو عام تعطیل اور یوم سوگ کا اعلان

تہران (آن لائن) ایرانی حکومت نے سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات کے موقع پر 6 جولائی کو ایران بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا ہے۔ ایرانی حکومت کے ترجمان کے مطابق 8 جولائی کو ملک بھر میں یوم سوگ بھی منایا جائے گا۔ یاد رہے کہ ایران کے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر3)

پاکستان کینیڈا کے ساتھ اپنے دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کینیڈا کی گورنر جنرل محترمہ لوئیس آربر (Ms Louise Arbour) اور کینیڈا کے عوام کو قومی دن کے موقع پر مبارکباد کا پیغام دیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کینیڈا کے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر4)

کراچی، صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ ملاقات کررہے ہیں

گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ پاکستان کی ایک مثالی اور معیاری درسگاہ ہے جہاں زیر تعلیم طالبات ملک کا روشن مستقبل اور پاکستان کی بہترین سفیر ہیں، میر سرفراز بگٹی کا خطاب

ریاست مخالف عناصر بلوچ بچیوں کو خودکش حملوں جیسے سنگین جرائم کیلئے استعمال کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جو نہ صرف انسانیت بلکہ بلوچ روایات، اقدار اور قومی تشخص کے بھی سراسر منافی ہے

وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر بلوچستان کا گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کا دورہ

12 ملین روپے گرانٹ کا اعلان

طالبات پاکستانیت، اتحاد اور ترقی کا پیغام عام کریں، ریاست مخالف پروپیگنڈے سے ہوشیار رہنے کی تلقین بلوچستان کے نوجوانوں کو عالمی جامعات تک رسائی دلانے اور گرلز کیڈٹ کالج کو مثالی ادارہ بنانے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان کے ہمراہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف فیکلٹیز، تعلیمی شعبوں، تدریسی سہولیات اور تربیتی نظام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر نے کالج کے جدید تعلیمی نظام، اعلیٰ معیار کی تدریس، مثالی نظم و ضبط اور انتظامیہ کی پیشہ ورانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ دورے کے موقع پر گرلز کیڈٹ کالج کی طالبات سے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر5)

ہماری جدوجہد اور کارکردگی عوام کے سامنے ایک روشن حقیقت ہے، سینیٹر مولانا واسع

بلوچستان کے آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کے تحفظ کو اپنی سیاست کا مرکز بنایا ہے

جمعیت علما اسلام نے ہر محاذ پر فیصلہ کن، تاریخی اور ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے، گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ہی بلوچستان کی حقیقی عوامی، نظریاتی اور نمائندہ جماعت ہے، اور صوبے کی سب سے بڑی عوامی قوت ہونے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ نعروں، جذباتی سیاست اور وقتی مفادات کے بجائے عملی جدوجہد، اصولی سیاست اور (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر8)

جون 2026 میں پاکستان کسٹمز نے درآمدات پر ٹیکسوں کی مد میں 467 ارب روپے کی ریکارڈ وصولی

اسلام آباد (آن لائن) جون 2026 میں پاکستان کسٹمز نے درآمدات پر ٹیکسوں کی مد میں 467 ارب روپے کی ریکارڈ وصولی کی۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق جون 2026 میں درآمدی ٹیکس وصولیوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 33 فیصد نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر7)

پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرست کا تبادلہ

پاکستان میں 250 بھارتی اور بھارت میں 439 ممکنہ پاکستانی قید ہیں: دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرست کا تبادلہ کیا گیا ہے، پاکستان میں 250 بھارتی اور بھارت میں 439 ممکنہ پاکستانی قید ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق قونصلر رسائی کے دوطرفہ معاہدے کے تحت پاکستان اور بھارت نے قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کرلیا۔ پاکستان اور بھارت نے سفارتی ذرائع سے قیدیوں (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر6)

میر عبیداللہ گورگیج سے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماؤں کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبیداللہ گورگیج سے بدھ کو پارٹی کے سینئر رہنماؤں میر ریاض شاہوانی اور میر ثناءاللہ جنگ نے ان کی رہائش گاہ گورگیج ہاؤس جناح ٹاؤن میں ملاقات کی۔ اس موقع (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر9)

پاسپورٹ سروسز میں بڑا انقلاب، ملک بھر کے دفاتر میں کیش لیس ادائیگی نظام نافذ

شہباز شریف کی ہدایت پر ڈیجیٹل اصلاحات مکمل، شہری اب پاسپورٹ فیس آن لائن ادا کرسکیں گے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اعلان کیا ہے کہ ملک بھر کے تمام پاسپورٹ دفاتر میں کیش لیس ادائیگی کا نظام مکمل طور پر نافذ کردیا گیا ہے، جس کے بعد شہری پاسپورٹ فیس کی ادائیگی اب ڈیجیٹل ذرائع سے کرسکیں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر مصدق ملک سے یو این اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل برائے انسانی امور محمد یحیٰ ملاقات کررہے ہیں

بھارت متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے، پاکستان کے خلاف بیانات کو قبول نہ کیا جائے، ترجمان

بھارتی بیان مسترد، بھارت خود مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کو بھی دبا رہا ہے، پاکستان

بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کو بھی دبا رہا ہے، بھارت متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے

پاکستان اپنے شہریوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے بین الاقوامی قانون کے مطابق تمام مناسب اقدامات کرتا رہا ہے آئندہ بھی کرتا رہے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے بھارتی وزارت خارجہ کے افغانستان کے حوالے سے بیان کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کو بھی دبا رہا ہے اور بھارت متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے بھارتی وزارت خارجہ کے بیان پر ردعمل میں بھارتی وزارت خارجہ کے 29 جون کے بیان کو مسترد کر دیا اور کہا کہ پاکستان افغانستان میں دہشت گردوں کے انفراسٹرکچر کے خلاف اپنے جائز، ٹارگٹڈ اور متناسب (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر11)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان، جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز اور پرنسپل اسلامیہ بوائز کالج کوئٹہ، نیب کے کام کا طریقہ کار اور بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

بین الصوبائی تعاون کے فروغ سے ملک کے استحکام اور ترقی کے لیے جاری کوششوں کو مزید تقویت ملے گی

صدر زرداری سے وزرائے اعلیٰ سندھ اور بلوچستان کی ملاقات

صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کی

کراچی/کوئٹہ (خ ن) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کی، جس میں بین الصوبائی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران ملک میں (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر12)

ادارہ شماریات نے جون 2026 کی مہنگائی کے تازہ اعداد و شمار جاری کردیے

اسلام آباد (آن لائن) ماہ جون میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی 0.3 فیصد کم ہوئی جبکہ جون 2026 میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 11.1 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات نے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر13)

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، ایچ ای سی کو ریگولیٹری فریم ورک مزید بہتر بنانے کی ہدایت

اجلاس میں ایچ ای سی کے مجوزہ فریم ورک پر تفصیلی غور، معیاری اور شفاف اعلیٰ تعلیم کے فروغ پر زور

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اعلیٰ تعلیمی اداروں سے متعلق قائم کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان میں نئی جامعات کے قیام کے لیے مجوزہ 2026 ریگولیٹری فریم ورک کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اعلیٰ تعلیم (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر14)

معاشرے کے اہم ارکان کے طور پر طلباء کی اجتماعی کوششیں بدعنوانی سے پاک معاشرے کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں

خود احتسابی اور دیانتداری اسلام کے بنیادی اصول ہیں، نیب بلوچستان

نیب بلوچستان کا اسلامیہ بوائز کالج کوئٹہ میں "نیب کے کام کا طریقہ کار اور بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار" کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) بدعنوانی کے خلاف جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں، نیب بلوچستان نے اسلامیہ بوائز کالج کوئٹہ میں "نیب کے کام کا طریقہ کار اور بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار" کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا بنیادی مقصد نوجوان طلباء کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ نیب بلوچستان کے افسران (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر25)

آزاد کشمیر کا مسئلہ طاقت نہیں تدبر سے حل کیا جائے: حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت، ریاستی اداروں، ایکشن کمیٹی اور سیاسی قیادت کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال کو مزید پیچیدہ ہونے سے بچانے کے لیے فوری طور (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر31)

الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کے انٹراپارٹی انتخابات تسلیم کرلئے، سیاسی جماعتوں کی تعداد 176 ہوگئی

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کے انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم کرلئے۔ پی ٹی آئی سمیت تین سیاسی (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر16)

ایف بی آر نے مالی سال کا محصولات ہدف حاصل کرلیا، وزیر خزانہ نے کارکردگی کو تاریخی کامیابی قرار دے دیا

محصولات میں نمایاں اضافہ، کم ترین مالیاتی خسارہ اور ریکارڈ ٹیکس ریٹرنز اصلاحاتی ایجنڈے کی کامیابی کا ثبوت ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے مالی سال 2025-26 کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے نظرثانی شدہ محصولات کا سالانہ ہدف کامیابی سے حاصل کرنے پر ادارے کی کارکردگی کو تاریخی سنگ میل قرار (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر15)

اسسٹنٹ کمشنر برشور کی زیر صدارت برشور میں کھلی کچہری کا انعقاد

کچہری سے عوام اور اداروں کے درمیان فاصلے کم کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد خس کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر برشور نوید بلوچ کی زیر صدارت گزشتہ روز ضلع برشور میں کھلی کچہری (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر30)

نئے مالی سال کا آغاز، درآمدی اشیا پر بڑا ریلیف، ریگولیٹری ڈیوٹی میں نمایاں کمی کردی گئی

ایف بی آر نے ریگولیٹری ڈیوٹی کی زیادہ سے زیادہ شرح 50 فیصد سے کم کرکے 20 فیصد مقرر کردی

اسلام آباد (آن لائن) نئے مالی سال کا آغاز۔ درآمدی اشیا پر بڑا ریلیف، ریگولیٹری ڈیوٹی میں نمایاں کمی کردی گئی۔ نئے مالی سال کے آغاز کے ساتھ ہی حکومت نے درآمدی شعبے کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے ریگولیٹری ڈیوٹی (آر ڈی) میں نمایاں کمی کردی ہے۔ ایف بی آر نے اس سلسلے میں نیا ایس آر او جاری کردیا ہے۔ ایف بی آر نے ریگولیٹری ڈیوٹی کی زیادہ سے زیادہ شرح 50 فیصد سے کم کرکے 20 فیصد مقرر کردی ہے۔ 20 فیصد یا اس سے کم آر ڈی والی بیشتر درآمدی اشیا پر عمومی طور پر 20 فیصد کمی کردی گئی ہے۔ تاہم 2،5 اور 1 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی والی (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر24)

ژوب بارش کے دوران مکانات گرنے سے 3 افراد جاں بحق 4 زخمی

ژوب (آن لائن) ژوب بارش کے دوران مکانات گرنے سے 3 افراد جاں بحق 4 زخمی۔ تفصیلات کے مطابق بار (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر28)

پاکستان کا بھارت سے سزا پوری کرنے والے 97 پاکستانیوں کو فوری وطن واپس بھیجنے کا مطالبہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے مطالبہ کیا ہے کہ بھارت 97 ایسے پاکستانی قیدیوں کو رہا کرکے وطن واپس بھیجے جو اپنی سزا مکمل کرچکے ہیں۔ بھارتی جیلوں میں سزا مکمل کر (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر29)

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہمیشہ دوٹوک انداز میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ پانی انسانیت کا بنیادی حق ہے، رہنما پیپلز پارٹی

سندھ طاس معاہدے پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، سینیٹر بلال مندوخیل

پیپلز پارٹی ہر اس قومی کوشش کی حمایت کرتی ہے جو پاکستان کے آبی حقوق کے تحفظ، قومی خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی بالادستی کیلئے کی جارہی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سینیٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانیز و کامرس کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے سندھ طاس معاہدے کے موضوع پر منعقدہ بین الاقوامی سیمینار میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، قومی و بین الاقوامی ماہرین اور دیگر مقررین کے خطابات کو قومی مفادات کا موثر ترجمان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سیمینار نے د (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر17)

امریکا اور ایران کے درمیان تکنیکی مذاکرات بدستور جاری ہیں: امریکی نائب صدر کا دعویٰ

ایران کی جانب سے اس نوعیت کے بیانات مذاکراتی حکمت عملی کا حصہ ہیں، جیسے انہوں نے قاری طرز مذاکرات

واشنگٹن (آن لائن) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان تکنیکی نوعیت کے مذاکرات بدستور جاری ہیں اور یہ بات چیت پہلے سے جاری سفارتی عمل کی بنیاد پر آگے بڑھ رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان تکنیکی سطح پر رابطے اور مذاکرات جاری ہیں جن کا مقصد پہلے سے طے شدہ امور پر پیش رفت کو آگے بڑھانا ہے۔ انہوں نے دوحہ میں جاری ممکنہ مذاکرات سے متعلق ایران کی عوامی سطح پر تردید پر بھی تبصرہ کیا۔ جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ ان کے نزدیک ایران کی جانب سے اس نوعیت کے بیانات (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر23)

وزیر دفاع کی طرف سے ڈاکٹر وکٹر گاو کے بیان کی تائید

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے ڈاکٹر وکٹر گاو کے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر27)

ٹرمپ کا ایران سے دوبارہ جنگ کے امکانات پر غور، مگر سفارتی راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ، رپورٹ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف دوبارہ مکمل فوجی کارروائی شروع کرنے کے امکان پر غور کیا تاہم فی الحال سفارتی مذاکرات کے عمل کو جاری (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر26)

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سابق سینیٹر تاج محمد آفریدی شہید کی رہائش گاہ پر ان کے اہل خانہ سے فاتحہ خوانی کررہے ہیں

دو سال سے کم عمر بچوں کیلئے اسکرین ٹائم خطرناک، ماہرین کا انتباہ

لیڈز (آن لائن) ماہرین نے والدین کو خبردار کیا ہے کہ 2 سال سے کم عمر بچوں کو موبائل، ٹیبلٹ، ٹی وی یا دیگر اسکرینز کے سامنے بٹھانا ان کی صحت اور نشوونما پر طویل المدتی منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ یونیورسٹیز آف لیڈز کے محققین نے ایک جامع جائزہ لیا، جس میں معلوم ہوا کہ کم عمری میں اسکرین کے سامنے وقت گزارنے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر18)

جام کمال خان سے کوریائی پاور کمپنی کے وفد کی ملاقات

پاکستان کے ہائیڈرو پاور سیکٹر میں کوریائی سرمایہ کاری اور سوات کے دو پن بجلی منصوبوں پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے کوریائی پاور کمپنی (کوئن) کے وفد کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان کے ہائیڈرو پاور سیکٹر میں کوریائی سرمایہ کاری اور سوات کے دو پن بجلی منصوبوں پر گفتگو کی گئی۔ کوئن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کم من ینگ نے وفد کی قیادت کی۔ کوئن نے پاکستان میں اپنی سرمایہ کاری، منصوبوں کی پیش رفت اور فنانسنگ انتظامات پر بریفنگ دی۔ کمپنی سوات میں 229 میگاواٹ اسریت کیدام اور 238 میگاواٹ کالام اسریت ہائیڈرو پاور منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ منصوبوں کے لیے تقریباً ایک ارب ڈالر کی فنانسنگ کا انتظام کیا جا چکا ہے۔ کورین کمپنی وفاقی وزیر نے پاکستان میں کوئن کی مسلسل دلچسپی (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر19)

گوادر یونیورسٹی کیلئے 88.79 فیصد کا سکور حاصل کرنا ہم سب کیلئے اعزاز ہے، گورنر بلوچستان

یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کے مستحق ہیں، خطاب

ہم صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں محدود وسائل اور لامحدود مسائل کے درمیان توازن قائم کرنے میں کامیاب ہوچکے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ اپنی دانشمندانہ منصوبہ بندی اور کڑی نگرانی کے نتیجے میں ہم صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں محدود وسائل اور لامحدود مسائل کے درمیان توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ آج گوادر یونیورسٹی کیلئے 88.79 فیصد کا سکور حاصل کرنا ہم سب کیلئے ایک اعزاز ہے جس کیلئے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر22)

معیشت کو اسلامی اصولوں سے ہم آہنگ کرنا خوش آئند پیش رفت ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

سود سے پاک مالیاتی نظام کا نفاذ پاکستان کی معیشت کیلئے تاریخ ساز مرحلہ ثابت ہوسکتا ہے

موجودہ سرکاری قرضوں کو اسلامی مالیاتی ذرائع، بالخصوص سکوک، میں منتقل کرنا اس عمل کا سب سے بڑا امتحان ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کو سود سے پاک مالیاتی نظام کی جانب منتقل کرنے کیلئے جامع، مربوط اور قابل عمل حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ یہ تبدیلی مرحلہ وار، مالیاتی استحکام کو برقرار رکھتے ہوئے اور قومی معیشت کو کسی قسم کے جھٹکے سے محفوظ رکھتے ہوئے عمل میں لائی جا سکے۔ یہاں جاری (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر21)

بلوچستان سرحد پر افغان حدود سے آنے والے چار ڈرون مار گرائے گئے، آئی ایس پی آر

پاکستان کے خلاف کسی بھی سرحد پار اشتعال انگیزی یا مہم جوئی کا فوری، فیصلہ کن اور بھرپور جواب دیا جائے گا، بیان

پاکستان کی مسلح افواج ملکی خودمختاری، سرحدوں کے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہر وقت مکمل طور پر تیار ہیں

راولپنڈی/کوئٹہ (آن لائن) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے کہا ہے کہ بلوچستان کی سرحد پر افغانستان کی جانب سے آنے والے چار ڈرونز کو پاکستانی فضائی دفاعی نظام نے بروقت نشاندہی کے بعد کامیابی سے تباہ کردیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ کارروائی ملکی خودمختاری کے تحفظ اور کسی بھی ممکنہ خطرے کو بروقت ناکام بنانے کے لیے کی گئی۔ بیان کے مطابق (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر20)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

محدود وسائل کے باوجود اعلیٰ تعلیم میں نمایاں پیش رفت

اپنی دانشمندانہ منصوبہ بندی اور کڑی نگرانی کے نتیجے میں ہم صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں محدود وسائل اور لامحدود مسائل کے درمیان توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ آج گوادر یونیورسٹی کیلئے 88.79 فیصد کا سکور حاصل کرنا ہم سب کیلئے ایک اعزاز ہے جس کیلئے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس نجم الدین مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن مندوخیل، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، پرو-وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد اور رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان سمیت تمام سینٹ ارکان موجود تھے ۔ تیسرے سینٹ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ حکومت ہائیر ایجوکیشن کو فروغ دینے میں بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔ ہمارا مقصد یونیورسٹی آف گوادر کو دنیا کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹیوں کی فہرست میں شامل کرنا ہے۔ گوادر یونیورسٹی کے اسٹریٹجک پلان 2026-30 میں صرف کوسٹل بیلٹ سے متعلقہ مضامین جیسے بلیو اکانومی، میرین سائنسز، فشریز، کوسٹل بیلٹ مینجمنٹ، اور ماحولیات شامل کیے گئے ہیں تاکہ اس کی امتیازی خصوصیت برقرار رہے۔ ہم گوادر یونیورسٹی کو پورے خطے کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹی بنانے کی خاطر دیگر شعبوں کے ماہرین سے بھی مدد اور رہنمائی حاصل کر رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ گوادر یونیورسٹی میں کوالٹی ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ ووکیشنل ٹریننگ اور ڈپلومہ کورسز کا آغاز بہت شاندار ہے۔ ہم اس لئے ان ڈپلومہ کورسز کو خاص اہمیت دیتے ہیں کیونکہ یہ بیروزگار نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسیع مواقع کو یقینی بناتے ہیں۔ یہ حوصلہ افزا ہے کہ گوادر یونیورسٹی میں طلبا کی کل تعداد میں سے تقریباً نصف مقامی خواتین ہیں۔ ایسے دور دراز اضلاع میں یہ ایک قابل ستائش کوشش ہے۔ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد جدید علم پر مبنی تحقیق تیار کرنا ہے۔ اس سلسلے میں گوادر یونیورسٹی کے تحقیقی مقالوں کی تعداد متاثر کن حد تک زیادہ ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے ہر ریسرچ پیپر کو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بروئے کار لائیں۔ یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینیٹ اجلاس کے شرکا کی جانب سے تجاویز اور سفارشات کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ 01

لے وفاقی اور صوبائی سطح پر موثر اور جامع تعاون ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے خصوصی ہدایت دی کہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی، اور چیئرمین نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) تمام صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کا اس ہفتہ ہنگامی دورہ کریں گے تاکہ مون سون کی پیشگی تیاری مکمل کی جا سکے۔ وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی زیر نگرانی نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ وفاقی وزارتوں پر مشتمل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو صوبائی متعلقہ اداروں سے عملی تعاون کے لیے کام کرے گی۔ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی ہفتہ وار ملاقاتیں کرے گی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی میں وفاقی وزیر خزانہ مون سون کی ممکنہ تباہی کی صورت میں ہنگامی فنڈ کی تشکیل کے لیے پیشگی تیاری مکمل کریں۔ غیر ملکی اداروں کی مالی معاونت کے تحت منصوبے بھی قومی ومقامی اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ قومی آبی تحفظ وسلامتی کے لیے وفاقی حکومت نے اس سال مالی بجٹ میں آبی منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے 330 ارب روپے کی اضافی رقم مختص کی ہے۔ ماضی کے تجربات کی روشنی میں اس سال مون سون سیزن میں ممکنہ سیلابی صورتحال اور خطرات سے بچاؤ کے لیے اقدامات جامع روڈ میپ کے تحت ترتیب دیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام صوبے مقامی سطح پر خطرے سے دوچار اضلاع میں دریاؤں کی گزرگاہوں اور سیلاب کی ممکنہ راستوں میں ناجائز تجاوزات اور دیگر مسائل کا پیشگی موثر حل یقینی بنائیں۔ مون سون کے دوران تمام ادارے اپنی مکمل ادارہ جاتی وتکنیکی استعداد کار کو عوام کی سہولت کے لیے استعمال کریں۔ اجلاس میں چیئرمین نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے اس سال مون سون کی پیشگی تیاری اور ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال اور موسمیاتی تغیر کے رجحان پر بریفنگ دی اور بتایا گیا کہ دنیا بھر میں اس سال گرمی کی شدید لہر اور غیر معمولی موسمیاتی تغیرات کے امکانات واضح ہیں۔ پاکستان میں بھی گرمی کی شدید لہر اور جولائی کے مہینے میں غیر معمولی بارشیں متوقع ہیں جن کے لیے مجوزہ حکمت عملی کے تحت تمام درکار انتظامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں وزیراعظم نے موسمیاتی تغیر اور مون سون کی ممکنہ تباہی سے یقینی بچاؤ کے لیے تمام وفاقی اور صوبائی متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو مکمل ہم آہنگی کے ساتھ موثر تعاون اور جامع حکمت عملی کے تحت کام کرنے کی ہدایات دیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ موسمیاتی تغیرات جیسے قومی خطرات سے بطریق احسن نبرد آزما ہونے کے لئے باہمی تعاون اور ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں۔ اجلاس میں چیئرمین نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے اس سال مون سون سیزن کی پیشگی تیاری اور عملی اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال، وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد لغاری، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، مشیر وزیراعظم برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ، وزیر مملکت خزانہ اظہر بلال کیانی، چیئرمین این ڈی ایم اے، چیئرمین واپڈا اور تمام صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور دیگر متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ 02

ئی جائے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سید قمر رضا چیئرمین بورڈ آف گورنرز اور افضال بھٹی مینیجنگ ڈائریکٹر اور سیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے فاؤنڈیشن کے اقدامات پر گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنی محنت کی کمائی پاکستان بھیج کر زرمبادلہ میں اپنا اہم حصہ ڈالتے ہیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود کیلئے جاری منصوبوں واقدامات میں مزید تیزی لائی جائے۔ ملاقات میں وزیراعظم کو بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود اور انکو سہولت فراہم کرنے کیلئے مزید اقدامات کے لائحہ عمل پر بھی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین بورڈ آف گورنرز اور ایم ڈی او پی ایف نے عالمی امن کیلئے پاکستان کی کاوشوں پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے او پی ایف کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید بہتری کیلئے جامع لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 03

شہید رہنما سپریم لیڈر علی خامنہ ای 28 فروری کو ایران پر ابتدائی امریکی حملے میں شہید ہوئے تھے۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف جولائی کے پہلے ہفتے میں ایران کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف آیت اللہ خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کریں گے۔ دورہ ایران مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم ترکیہ بھی جائیں گے۔

بقیہ 04

ساتھ اپنے دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور مضبوط عوامی روابط پر مبنی ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار بھی کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی دلچسپی کے شعبوں بشمول تجارت، سرمایہ کاری، اعلیٰ تعلیم اور بین الاقوامی فورمز پر دو طرفہ تعاون مزید فروغ پائے گا۔

بقیہ 05

خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ پاکستان کی ایک مثالی اور معیاری درسگاہ ہے جہاں زیر تعلیم طالبات ملک کا روشن مستقبل اور پاکستان کی بہترین سفیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ اس ادارے سے تعلیم حاصل کرنے والی طالبات زندگی کے ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں گی اور قومی تعمیر وترقی میں مؤثر کردار ادا کریں گی وزیر اعلیٰ نے طالبات پر زور دیا کہ وہ جس بھی شعبے میں جائیں، بلاجھجک پاکستانیت کا پیغام عام کریں اور ریاست پاکستان کی نمائندہ بن کر اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان ہم سب کے لیے ہر شے سے مقدم اور عزیز ہے اور اسی ریاست نے ہمیں شناخت، عزت اور وقار عطا کیا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جس نے ریاست سے محبت اور وفاداری کی، اللہ تعالیٰ نے اسے عزت اور سربلندی عطا کی، جبکہ ریاست سے غداری کرنے والے ہمیشہ رسوا اور خوار ہوئے۔ انہوں نے طالبات کو تلقین کی کہ وہ ہر معاملے میں حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کو سمجھیں، کیونکہ آج ریاست پاکستان کے خلاف منظم انداز میں جھوٹا اور گمراہ کن پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد نوجوان نسل کے ذہنوں کو متاثر کرنا ہے انہوں نے کہا کہ بعض جامعات میں قوم پرستی کی آڑ میں قائم بعض کونسلز معاونت اور رہنمائی کے نام پر معصوم طلبہ وطالبات کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان ایسے عناصر سے دور رہیں اور اپنی تمام تر صلاحیتیں پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے وقف کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور باصلاحیت طلبہ وطالبات کے لیے ہارورڈ، آکسفورڈ اور دیگر عالمی شہرت یافتہ جامعات تک رسائی کے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں تاکہ بلوچستان کے نوجوان بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر بلوچ بچیوں کو خودکش حملوں جیسے سنگین جرائم کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جو نہ صرف انسانیت بلکہ بلوچ روایات، اقدار اور قومی تشخص کے بھی سراسر منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ معاشرہ ہمیشہ علم، شعور، امن اور عزت نسواں کا علمبردار رہا ہے اور ان روایات کو ہر قیمت پر محفوظ رکھا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ جیسے معیاری تعلیمی ادارے بلوچستان اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے طالبات سے عہد لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ وعدہ کریں کہ زندگی کے جس بھی شعبے میں جائیں گی، ریاست پاکستان کی سفیر بن کر پاکستانیت، اتحاد، امن اور ترقی کا پیغام عام کریں گی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کے لیے 12 ملین روپے کی خصوصی گرانٹ کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس ادارے کی ذاتی سرپرستی کریں گے اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے گرلز کیڈٹ کالج کو دنیا کے مثالی تعلیمی اداروں کی صف میں شامل کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ بلوچستان کی بیٹیاں بہترین تعلیمی ماحول میں اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔ دورے کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر بلوچستان نے گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ میں یادگاری پودا بھی لگایا۔

بقیہ 06

کی فہرستوں کا تبادلہ کیا ہے، 21 مئی 2008 کو طے پانے والے معاہدے کے تحت پاکستان اور بھارت ہر سال یکم جنوری اور یکم جولائی کو قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کرتے ہیں۔ حکومت پاکستان نے قیدیوں کی فہرست اسلام آباد میں بھارتی ہائی کمیشن کے حوالے کی۔ پاکستان میں قید 250 بھارتی قیدیوں میں 52 عام شہری قیدی اور 198 ماہی گیر ہیں۔ بھارت نے 439 پاکستانی یا پاکستانی سمجھے جانے والے قیدیوں کی فہرست پاکستانی ہائی کمیشن کو فراہم کی۔ ترجمان کے مطابق بھارتی فہرست میں 386 شہری اور 53 ماہی گیر شامل ہیں، جو بھارتی جیلوں میں قید ہیں۔

بقیہ 07

پاکستان کسٹمز نے جون 2026 میں کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 158 ارب روپے وصول کیے۔ پاکستان کسٹمز نے کسٹمز ڈیوٹی کا بلند ترین ماہانہ ہدف 10 فیصد سے زائد عبور کر لیا گیا۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق ٹیرف میں معقولیت کے باوجود کسٹمز ڈیوٹی وصولی میں تاریخی کامیابی حاصل کی گئی۔ مالی سال 2025-26 کے دوران درآمدات پر مجموعی ٹیکس وصولی 4,692 ارب روپے تک پہنچ گئی۔ مالی سال 2025-26 میں کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی 1,331 ارب روپے رہی۔ درآمدی پیٹرولیم مصنوعات پر پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی کی وصولی میں 20 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے شاندار محصولات وصولی کو قومی معیشت کے لیے اہم کامیابی قرار دیا۔ رکن کسٹمز (آپریشنز) سید شکیل شاہ نے کامیابی کو شفافیت، مؤثر نگرانی اور ڈیجیٹل اصلاحات کا نتیجہ قرار دیا۔ پاکستان کسٹمز انٹیلیجنس پر مبنی کارروائیوں اور اسمگلنگ کے خلاف مؤثر اقدامات سے قومی محصولات کے تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ پاکستان کسٹمز جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر نظام کے ذریعے محصولات میں مزید اضافے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 08

بلوچستان کے آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کے تحفظ کو اپنی سیاست کا مرکز بنایا ہے۔ ہماری جدوجہد اور کارکردگی عوام کے سامنے ایک روشن حقیقت ہے۔ بلوچستان کے حقوق کی جنگ ہو، وسائل کی منصفانہ تقسیم، صوبائی خودمختاری، ترقیاتی منصوبوں کا حصول یا عوام کے روزگار اور خوشحالی کا معاملہ، جمعیت علما اسلام نے ہر محاذ پر فیصلہ کن، تاریخی اور ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ساتویں این ایف سی ایوارڈ میں جمعیت علما اسلام نے وہ تاریخی کامیابی حاصل کی جس نے بلوچستان کی مالی تقدیر بدل دی۔ جماعت نے وسائل کی تقسیم کو صرف آبادی تک محدود رکھنے کے فرسودہ فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے پسماندگی، غربت، محصولات، مالی نظم وضبط، رقبہ، کم آبادی مگر وسیع جغرافیہ (Inverse Population Density)، عبوری معاونت اور ترقیاتی ضروریات جیسے بنیادی عوامل کو این ایف سی فارمولے میں شامل کروا کر بلوچستان کے لیے ایک جامع، منصفانہ اور دیرپا مالی ڈھانچہ تسلیم کرایا، جس کے نتیجے میں صوبے کا بجٹ محض چند ارب روپے سے بڑھ کر تقریباً بارہ سو ارب روپے تک پہنچا، جو بلوچستان کی تاریخ کا ایک سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی وہ تاریخی کامیابی تھی جس کے بعد جمعیت علما اسلام کو دانستہ طور پر اقتدار اور فیصلہ سازی سے دور رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی، اور کبھی قوم پرست جماعتوں، کبھی مصنوعی سیاسی جماعتوں اور کبھی عوامی مینڈیٹ سے محروم عناصر کو صوبے پر مسلط کیا گیا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بلوچستان مسلسل بدامنی، سیاسی انتشار، معاشی بدحالی، انتظامی ناکامی اور عوامی محرومیوں کی دلدل میں دھنستا چلا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض قوم پرست جماعتوں کی پوری سیاست جمعیت علما اسلام پر تنقید سے آگے نہیں بڑھ سکی، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان کے جن حقوق کے نام پر وہ دہائیوں سے سیاست کرتی رہی ہیں، ان حقوق کو آئینی اور عملی شکل دینے کا اعزاز جمعیت علما اسلام کو حاصل ہے۔ عوام جذباتی نعروں سے نہیں بلکہ عملی کارکردگی سے فیصلے کرتے ہیں، اور تاریخ گواہ ہے کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ نتائج دیے ہیں۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے اقتدار کو کبھی منزل نہیں سمجھا بلکہ عوام کے حقوق کو اقتدار پر ترجیح دی، اور جب بھی اقتدار اور بلوچستان کے مفادات میں ٹکراؤ آیا تو جماعت نے اقتدار کو ٹھوکر ماردی مگر عوامی حقوق پر سودے بازی نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان کے حصے کو دس فیصد سے بڑھا کر پچیس فیصد تک لانے اور منصوبے کے اربوں ڈالر کے اخراجات سے صوبے کو مکمل طور پر مستثنیٰ قرار دلوانے کے لیے جمعیت علما اسلام نے مسلسل، جرات مندانہ اور تاریخی جدوجہد کی، جبکہ سینڈک سمیت دیگر معدنی وسائل کے معاملے میں بھی جماعت کا دوٹوک مؤقف ہے کہ بلوچستان کے وسائل پر پہلا اور ناقابل تنسیخ حق بلوچستان کے عوام کا ہے اور اس حق پر کسی قسم کی سودے بازی ہرگز قبول نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک جیسے قومی نوعیت کے میگا منصوبے اس وقت تک بلوچستان کے لیے حقیقی ترقی کا ذریعہ نہیں بن سکتے جب تک ان میں مقامی نوجوانوں کو روزگار کی ضمانت، منصفانہ ریونیو شیئرنگ، جامع سیکیورٹی پلان، مؤثر رسک مینجمنٹ اور مقامی آبادی کی فیصلہ سازی میں شمولیت کو یقینی نہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ جمعیت علما اسلام کے بعد کئی حکومتیں بدلیں، متعدد سیاسی جماعتیں اقتدار میں آئیں، مگر بلوچستان کو نہ کوئی بڑا ترقیاتی منصوبہ ملا، نہ وسائل پر اس کا حق مزید مستحکم ہوا اور نہ ہی عوام کے مسائل کے حل کے لیے کوئی تاریخی اقدام کیا گیا، جس کے باعث آج بلوچستان بدترین امن و امان کے بحران، بے روزگاری، غربت، معاشی زوال، ترقیاتی جمود اور حکومتی بے حسی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بحرانوں کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ صوبے کی باگ ڈور بار بار ایسے عناصر کے حوالے کی گئی جن کی نہ عوام میں جڑیں تھیں، نہ عوامی مینڈیٹ تھا اور نہ ہی بلوچستان کے مسائل، تاریخ اور حساسیت کا ادراک، اسی لیے وہ عوام کا اعتماد حاصل کرنے اور صوبے کو بحرانوں سے نکالنے میں مکمل طور پر ناکام رہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان کے آئینی حقوق، وسائل، خودمختاری، امن، ترقی، خوشحالی اور عوام کی باوقار زندگی کے لیے اپنی سیاسی، پارلیمانی اور عوامی جدوجہد ہر قیمت پر جاری رکھے گی، کیونکہ بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت صرف حقیقی عوامی قیادت، آئین کی بالادستی، شفاف طرز حکمرانی اور عوامی حقوق کے غیر متزلزل تحفظ میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان بدترین امن و امان کے بحران سے گزر رہا ہے، جہاں عوام کی جان، مال اور عزت کسی بھی سطح پر محفوظ نہیں رہی۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں قتل، اغوا برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ، دہشت گردی اور شاہراہوں پر مسلح کارروائیاں معمول بنتی جا رہی ہیں، جبکہ حکومت مکمل بے بسی، نااہلی اور بے حسی کی تصویر بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے شاہرگ میں آج مزدوروں کے اغوا کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ محنت کش طبقے کو نشانہ بنانا انتہائی انسانیت سوز اور قابل مذمت عمل ہے، جس نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ صوبے میں ریاستی رٹ کمزور اور عوام غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اغوا ہونے والے تمام مزدوروں کی فوری، محفوظ اور باعزت بازیابی کو یقینی بنایا جائے، اس واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور بلوچستان بھر میں امن وامان کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر، ٹھوس اور نتیجہ خیز اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت محض بیانات اور دعوؤں سے عوام کو مطمئن نہیں کر سکتی، بلکہ امن کا قیام، شاہراہوں کا تحفظ، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور ریاستی عملداری کی بحالی اس کی اولین آئینی ذمہ داری ہے، جس میں مسلسل ناکامی نے عوام کے اعتماد کو بری طرح مجروح کیا ہے۔

بقیہ 09

پر باہمی دلچسپی کے امور، حلقہ پی بی 44 میں جاری ترقیاتی کاموں سمیت پارٹی کو مزید فعال بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر میر ریاض شاہوانی اور میر ثناء اللہ جنگ نے حلقہ پی بی 44 میں جاری ترقیاتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور بعض تجاویز پیش کیں۔ اور عوام بالخصوص حلقہ پی بی 44 میں رابطہ مہم کو مزید فعال کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا اور اس حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے رکن بلوچستان اسمبلی میر عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے حکومت تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی 44 سمیت بلوچستان بھر میں دو سال کے دوران ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے گئے ہیں جس سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے کے تمام علاقوں میں یکساں بنیادوں پر فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے میں مدد مل سکے۔

بقیہ 10

بر پاسپورٹ سروسز میں اصلاحات کا اہم مرحلہ کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔ نئے کیش لیس نظام کے تحت شہریوں کو نقد رقم لے جانے، طویل قطاروں میں کھڑے ہونے اور گھنٹوں انتظار کرنے کی زحمت سے نجات ملے گی۔ وزیر داخلہ کے مطابق ڈیجیٹل ادائیگی کے اس نظام سے نہ صرف پاسپورٹ کے حصول کا عمل مزید تیز ہوگا بلکہ شفافیت، سہولت اور بہتر سروس ڈیلیوری کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے سرکاری خدمات کو عوام کے لیے زیادہ مؤثر اور آسان بنایا جا رہا ہے۔ محسن نقوی نے کیش لیس ادائیگی نظام کے کامیاب نفاذ پر پاسپورٹ اینڈ امیگریشن حکام اور پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو جدید، تیز رفتار اور معیاری سرکاری خدمات کی فراہمی کے لیے اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 11

اقدامات سے متعلق بھارتی وزارت خارجہ کے بے بنیاد بیان کو مسترد کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ مضحکہ خیز بیان ایسے ملک کی جانب سے آیا ہے جو تاریخی طور پر اپنے ہمسایہ ممالک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت میں مداخلت اور اسے نقصان پہنچاتا رہا ہے، بھارت کا طرز عمل اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں وکشمیر میں کشمیریوں کے حق خود ارادیت کو بھی دبا رہا ہے، بھارت متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے، بھارت پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کی معاونت اور سرپرستی کرتا رہا ہے، بھارت متعلقہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل پابندیوں کے نظام کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت مسلسل علاقائی امن میں رکاوٹ ڈالنے والے کردار ادا کر رہا ہے، پاکستان کے خلاف بھارت کے بے بنیاد الزامات اور اشتعال انگیز بیانات کو قبول نہیں کیا جانا چاہیے، پاکستان اپنے شہریوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بین الاقوامی قانون کے مطابق تمام مناسب اقدامات کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔

بقیہ 12

بین الصوبائی ہم آہنگی، تعاون کے فروغ اور قومی استحکام سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بین الصوبائی تعاون کے فروغ سے ملک کے استحکام اور ترقی کے لیے جاری کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر رابطہ اور تعاون قومی یکجہتی اور پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ 13

جون 2026 کی مہنگائی کے تازہ اعداد و شمار جاری کر دیے۔ رپورٹ کے مطابق ماہ جون میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی 0.3 فیصد کم ہوئی، جون 2026 میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 11.1 فیصد ریکارڈ، گزشتہ ماہ مئی میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.7 فیصد تھی۔ ادارہ شماریات کے مطابق شہری علاقوں میں سالانہ مہنگائی 11.2 فیصد، ماہانہ بنیاد پر 0.5 فیصد کمی ہوئی، دیہی علاقوں میں سالانہ مہنگائی 10.9 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق حساس قیمتوں کے اشاریے میں سالانہ بنیاد پر 12.8 فیصد اضافہ ہوا، ایک ماہ میں ٹماٹر 90 فیصد، پیاز 21 فیصد اور آلو 18 فیصد مہنگے ہوئے، تازہ سبزیاں 12.5 فیصد، آٹا 2.2 فیصد اور گھی 1.9 فیصد مہنگا ہوا، چکن 22 فیصد اور انڈے تقریباً 11 فیصد سستے ہوئے، پیٹرولیم مصنوعات 12 فیصد اور بجلی کے بل 4.3 فیصد کم ہوئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیاد پر گندم 65 فیصد اور آٹا 55 فیصد مہنگا ہوا، ٹماٹر کی قیمت میں ایک سال کے دوران 52 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا، پیاز سالانہ بنیاد پر 60 فیصد مہنگا ہو گیا

بقیہ 14

کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے مجوزہ ریگولیٹری فریم ورک پر تفصیلی بریفنگ دی، جس میں نئی جامعات کے قیام، نگرانی، معیار اور شفافیت سے متعلق مجوزہ اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ کمیٹی نے ایچ ای سی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے فریم ورک کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعدد سفارشات پیش کیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ہدایت دی کہ ان سفارشات کو شامل کرتے ہوئے نظرثانی شدہ مسودہ جلد از جلد تیار کیا جائے تاکہ اسے منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح ملک میں معیاری، شفاف اور عالمی معیار سے ہم آہنگ اعلیٰ تعلیم کا فروغ ہے، اور ایسا مضبوط ریگولیٹری نظام تشکیل دیا جائے گا جو طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے ساتھ جامعات کے معیار کو بھی یقینی بنائے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون، وفاقی وزیر تعلیم، وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ، ہائر ایجوکیشن کمیشن کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، جبکہ اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 15

دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی مؤثر اصلاحات، مضبوط قیادت، ٹیم ورک اور ملک بھر میں تعینات افسران واہلکاروں کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔ ایف بی آر ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرخزانہ نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال اور ادارے کی پوری ٹیم کو مبارکباد پہنچائی۔ اجلاس میں ایف بی آر کے بورڈ ارکان، سینئر افسران، چیف کمشنرز اور چیف کلیکٹرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی برس کے دوران حکومت کے اصلاحاتی اقدامات کے باعث قومی محصولات میں تقریباً دوگنا اضافہ ہوا، جو پاکستان کی مالیاتی تاریخ کی نمایاں کامیابیوں میں شمار ہوتا ہے۔ ان کے مطابق محصولات میں اضافے اور مالیاتی نظم وضبط کی بدولت بیرونی شعبے کے معاشی اشاریے بہتر ہوئے، ملک نے اپنی تاریخ کا کم ترین مالیاتی خسارہ اور سب سے بڑا پرائمری سرپلس بھی حاصل کیا۔ وزیرخزانہ نے ان لینڈ ریونیو اور کسٹمز ونگ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ٹیرف میں ریلیف دینے کے باوجود ایف بی آر نے محصولات میں نمایاں اضافہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مالی سال کے دوران 599 ارب روپے کے ٹیکس ریفنڈز جاری کیے گئے، جن میں آخری روز ریکارڈ 13.5 ارب روپے کی ادائیگی بھی شامل تھی، جو کاروباری برادری اور ہر آمدنی کنندگان کے لیے حکومت کے سہولت کاری کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے وفاقی بجٹ 2025-26 کی تیاری کے دوران وزارت خزانہ اور ایف بی آر کے درمیان موثر ہم آہنگی کو بھی سراہا اور کہا کہ ٹیکس پالیسی اور ٹیکس انتظامیہ کے درمیان مضبوط اشتراک نے ایک ترقی پسند بجٹ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیرخزانہ نے واضح کیا کہ جدید ٹیکس نظام کا مقصد صرف محصولات اکٹھا کرنا نہیں بلکہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا، شفافیت کو فروغ دینا اور عوامی اعتماد کو مضبوط بنانا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی، خودکار نظام، مصنوعی ذہانت (AI) اور ڈیجیٹل اصلاحات کے ذریعے ٹیکس نظام کو مزید آسان، موثر اور شفاف بنایا جائے گا، جبکہ اختیارات کے ناجائز استعمال اور بدعنوانی کے امکانات کو بھی کم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی منظوری سے ایف بی آر کا نیا آپریٹنگ ماڈل نافذ کیا جا رہا ہے، جس کے تحت انسانی وسائل، طریقہ کار اور جدید ٹیکنالوجی میں جامع اصلاحات متعارف کرائی جائیں گی۔ اس موقع پر انہوں نے ان اصلاحات کے لیے قانون سازی میں تعاون پر پارلیمنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے حکومت کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایف بی آر کو ملک کے بہترین عوامی اداروں میں شامل کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے وزارت خزانہ کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف، صوبائی حکومتوں، اتحادی جماعتوں، پارلیمانی کمیٹیوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے ساتھ مؤثر مشاورت نے بجٹ سازی اور اصلاحاتی عمل کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر میں میرٹ، شفافیت، دیانت داری اور پیشہ ورانہ معیار کے فروغ کے لیے اصلاحات جاری ہیں، جبکہ جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، کسٹمز نظام کی بہتری اور افسران کی تربیت کے ذریعے ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدامات نہ صرف ٹیکس دہندگان کو بہتر سہولیات فراہم کریں گے بلکہ ٹیکس قوانین پر مؤثر عمل درآمد اور قومی محصولات میں مزید بہتری کا باعث بھی بنیں گے۔ اجلاس کے اختتام پر وزیرخزانہ نے ایک بار پھر ایف بی آر کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ اصلاحات کا تسلسل، باہمی تعاون اور مضبوط ادارہ جاتی عزم پاکستان کی معاشی استحکام اور پائیدار اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 16

جماعتوں کو تاحال تسلیم نہیں کیا گیا ہے۔ سیاسی جماعتوں کی تعداد 176 ہوگئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کے انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کر دیے ہیں۔ ان سیاسی جماعتوں میں عام آدمی تحریک پاکستان، پاکستانی عوامی انقلابی لیگ، اللہ اکبر تحریک، کسان اتحاد عوامی پارٹی شامل ہیں۔ چاروں سیاسی جماعتوں کے انٹرا پارٹی الیکشنز کے نوٹیفکیشنز جاری کر دیے۔ الیکشن کمیشن میں درج سیاسی جماعتوں کی تعداد 167 ہوگئی۔ انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم نہ ہونے کی وجہ سے 3 سیاسی جماعتیں بغیر سربراہ اور سٹرکچر کے لسٹ میں موجود ہیں۔ پی ٹی آئی، ٹی ایل پی اور پاکستان ریفارم پارٹی بغیر سٹرکچر کے فہرست میں موجود ہے۔۔۔۔۔اعجاز خان#/s#

بقیہ 17

نیا پر واضح کر دیا کہ سندھ طاس معاہدہ محض آبی تقسیم کا معاہدہ نہیں بلکہ جنوبی ایشیا میں امن، استحکام اور کروڑوں انسانوں کے معاشی، زرعی اور غذائی مستقبل کی ضمانت ہے۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہمیشہ دوٹوک انداز میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ پانی انسانیت کا بنیادی حق ہے، اسے سیاسی دباؤ، بلیک میلنگ یا جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی، آبی معلومات کی فراہمی میں رکاوٹ اور دریاؤں کے قدرتی بہاؤ کو متاثر کرنے کی کوششیں نہ صرف بین الاقوامی قوانین بلکہ عالمی معاہدوں کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیمینار میں قومی اور بین الاقوامی ماہرین نے جس اتفاق رائے کا اظہار کیا، وہ پاکستان کے اصولی موقف کی تائید ہے کہ سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جا سکتا۔ پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی کسی بھی کوشش کے خطے کے امن، زرعی پیداوار، غذائی تحفظ اور معاشی استحکام پر نہایت خطرناک اثرات مرتب ہوں گے، جنہیں عالمی برادری ہرگز نظرانداز نہیں کر سکتی۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہر اس قومی کوشش کی حمایت کرتی ہے جو پاکستان کے آبی حقوق کے تحفظ، قومی خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی بالادستی کے لیے کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے حصے کے پانی کے تحفظ کے لیے ہر قانونی، سفارتی اور بین الاقوامی فورم پر بھرپور انداز میں اپنا مقدمہ پیش کرتا رہے گا اور قومی مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، عالمی مالیاتی اداروں اور ضامن ممالک پر زور دیا کہ وہ سندھ طاس معاہدے پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے، بھارت کو معاہدے کی خلاف ورزیوں سے روکنے اور پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کے خطرناک رجحان کا فوری نوٹس لیں۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے اس نظریے پر کاربند ہے کہ قومی وسائل، عوامی حقوق اور بین الاقوامی انصاف کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پارٹی پاکستان کے آبی، معاشی اور سفارتی مفادات کے دفاع کے لیے اپنی آواز ہر قومی اور عالمی فورم پر بھرپور انداز میں بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے سیمینار کے منتظمین، قومی وبین الاقوامی ماہرین اور تمام مقررین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے علمی اور پالیسی مکالمے نہ صرف پاکستان کے موقف کو عالمی سطح پر تقویت دیتے ہیں بلکہ مستقبل میں خطے میں پائیدار امن، باہمی اعتماد اور آبی تعاون کے فروغ کی راہ بھی ہموار کرتے ہیں۔

بقیہ 18

سے بچوں کی مجموعی صحت اور معیار زندگی متاثر ہو سکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق اسکرین ٹائم سے جن مسائل کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، ان میں زبان سیکھنے اور بولنے کی صلاحیت کی رفتار سست ہونا، نیند کے مسائل اور بے قاعدگی، آنکھوں کی صحت متاثر ہونا اور موٹاپے کے خطرات میں اضافہ شامل ہیں۔ محققین نے یہ بھی بتایا کہ اسکرین کے زیادہ استعمال سے دیگر منفی اثرات بھی سامنے آ سکتے ہیں، جن میں بچے کا حد سے زیادہ ذہنی طور پر متحرک (Overstimulated) ہو جانا، جذبات کو سنبھالنے کے لیے ڈیجیٹل ڈیوائسز پر انحصار بڑھ جانا، والدین کے ساتھ تعلق اور وقت گزارنے کے مواقع کم ہونا، ہم عمر بچوں کے ساتھ کھیلنے اور سماجی مہارتیں سیکھنے کے مواقع محدود ہونا شامل ہیں۔ تحقیق کے مرکزی محقق ریف کلیلان نے کہا ہے کہ زندگی کے ابتدائی اور نہایت اہم برسوں میں اسکرین کا سامنا پوری نسل کی مستقبل کی صحت اور معیار زندگی پر اثرانداز ہو سکتا ہے۔ محققین نے بڑی ٹیکنالوجی کمپنیوں پر بھی زور دیا کہ وہ بچوں کے لیے موزوں قرار دیا جانے والا مواد والدین تک پہنچانے کے طریقہ کار پر نظر ثانی کریں اور بچوں کے تحفظ کے لیے مزید ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ ماہرین کے مطابق بچوں کو صرف غیر ڈیجیٹل کھلونے فراہم کرنے سے ان کی کھانے کی عادات بہتر ہو سکتی ہیں، جبکہ انہیں باہر کھیلنے اور قدرتی ماحول میں وقت گزارنے کی ترغیب دینے سے اسکرین ٹائم کم کیا جا سکتا ہے۔ جسمانی نشوونما بہتر بنانے اور آنکھوں کی صحت کو فروغ دینے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ طبی ماہرین عموماً مشورہ دیتے ہیں کہ 2 سال سے کم عمر بچوں کے لیے غیر ضروری اسکرین ٹائم سے حتی الامکان گریز کیا جائے اور اس عمر میں سیکھنے، کھیلنے اور والدین سے براہ راست میل جول کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 19

اور سرمایہ کاری کے اعتماد کو سراہا۔ جام کمال خان نے قابل تجدید توانائی، ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان سرمایہ کار دوست، شفاف اور مستحکم ماحول کے لیے پرعزم ہے۔ جام کمال خان نے کوئن کے معاملات پر متعلقہ اداروں سے رابطہ اور ممکنہ تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وفد نے حکومت پاکستان کے ساتھ مسلسل رابطے کے ذریعے منصوبوں میں پیش رفت کی امید ظاہر کی۔

بقیہ 20

30 جون کو افغانستان کی حدود سے بلوچستان کی سرحد کی جانب چار ابتدائی نوعیت کے ڈرون بھیجے گئے، جنہیں پاکستان کے فضائی دفاعی نظام نے فوری طور پر ٹریک کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکورٹی فورسز نے اعلیٰ سطح کی آپریشنل تیاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جدید دفاعی اقدامات کے ذریعے چاروں ڈرونز کو کامیابی سے مار گرایا، جس سے مبینہ طور پر سرحد پار کارروائی کی تمام عزائم ناکام بنا دیے گئے۔ فوج کے ترجمان ادارے نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی کے تسلسل میں اس نوعیت کی سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایسے اقدامات کا مقصد افغانستان کے اندرونی مسائل سے عوام کی توجہ ہٹانا ہے۔ بیان میں افغان طالبان سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ دہشت گردی کی سرپرستی ترک کرتے ہوئے پرامن ہمسائے باہمی کے اصولوں پر عمل کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو علاقائی امن واستحکام کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔ آئی ایس پی آر نے خبردار کیا کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی سرحد پار اشتعال انگیزی یا مہم جوئی کا موثر، فوری، فیصلہ کن اور بھرپور جواب دیا جائے گا۔ بیان کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج ملکی خودمختاری، سرحدوں کے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہر وقت مکمل طور پر تیار ہیں، جبکہ اس نوعیت کی کسی بھی کارروائی کا جواب آپریشن غضب للحق کے تحت دیا جاتا رہے گا۔

بقیہ 21

ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ معیشت کو اسلامی اصولوں سے ہم آہنگ کرنا ایک خوش آئند پیش رفت ہے، تاہم 2027 کے بعد اسلامی مالیاتی نظام کا مکمل نفاذ متعدد قانونی، انتظامی، تکنیکی اور مالیاتی چیلنجز سے مشروط ہوگا۔ اس مقصد کیلئے ضروری ہے کہ اسٹیٹ بینک کی زری پالیسی کو بھی شریعت سے ہم آہنگ اسلامی مالیاتی اصولوں کے مطابق تشکیل دیا جائے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ موجودہ سرکاری قرضوں کو اسلامی مالیاتی ذرائع، بالخصوص سکوک، میں منتقل کرنا اس عمل کا سب سے بڑا امتحان ہوگا۔ اس کے ساتھ وفاقی وصوبائی قوانین میں ضروری ترامیم، مالیاتی ضوابط کی ازسرنو تشکیل اور روایتی بینکاری کے عملے کو اسلامی مالیات کی جامع تربیت فراہم کرنا بھی ناگزیر ہوگا، تاکہ دسمبر 2027 تک مطلوبہ قانونی اور انتظامی تیاری مکمل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی نظام میں اچانک تبدیلی سے عدم استحکام پیدا ہونے کا خدشہ موجود ہے، اس لیے تدریجی اور منظم حکمت عملی ہی سب سے موزوں اور قابل عمل راستہ ہے۔ اس قومی مقصد کی کامیابی حکومت، اسٹیٹ بینک، مالیاتی اداروں، نجی شعبے اور ماہرین اسلامی مالیات کے درمیان مؤثر تعاون اور ہم آہنگی پر منحصر ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سود سے پاک مالیاتی نظام سرمایہ کاری کو حقیقی معاشی سرگرمیوں سے منسلک کرنے، منافع ونقصان کی منصفانہ شراکت کو فروغ دینے، کاروباری اعتماد میں اضافہ کرنے، اسلامی بینکاری کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری متوجہ کرنے اور مالیاتی شمولیت کو وسعت دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اس سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کیلئے بھی متبادل سرمایہ کاری اور مالی سہولیات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جبکہ قومی معیشت میں استحکام، شفافیت اور پائیدار ترقی کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ اس اہم قومی تبدیلی کی کامیابی صرف قانون سازی تک محدود نہیں بلکہ مضبوط ادارہ جاتی اصلاحات، مؤثر نگرانی، عالمی مالیاتی تقاضوں سے ہم آہنگی اور عوامی اعتماد کے فروغ سے مشروط ہے۔ اگر حکومت مقررہ مدت کے اندر ان چیلنجز پر مؤثر انداز میں قابو پا لیتی ہے تو سود سے پاک مالیاتی نظام پاکستان کی اقتصادی سمت میں ایک تاریخی تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے اور ملک کو عالمی اسلامی مالیاتی نظام میں ایک نمایاں مقام دلانے میں بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

بقیہ 22

اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس نجم الدین مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن مندوخیل، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، پرو-وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد اور رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان سمیت تمام سینٹ ارکان موجود تھے ۔ تیسرے سینٹ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ حکومت ہائیر ایجوکیشن کو فروغ دینے میں بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔ ہمارا مقصد یونیورسٹی آف گوادر کو دنیا کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹیوں کی فہرست میں شامل کرنا ہے۔ گوادر یونیورسٹی کے اسٹریٹجک پلان 2026-30 میں صرف کوسٹل بیلٹ سے متعلقہ مضامین جیسے بلیو اکانومی، میرین سائنسز، فشریز، کوسٹل بیلٹ مینجمنٹ، اور ماحولیات شامل کیے گئے ہیں تاکہ اس کی امتیازی خصوصیت برقرار رہے۔ ہم گوادر یونیورسٹی کو پورے خطے کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹی بنانے کی خاطر دیگر شعبوں کے ماہرین سے بھی مدد اور رہنمائی حاصل کر رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ گوادر یونیورسٹی میں کوالٹی ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ ووکیشنل ٹریننگ اور ڈپلومہ کورسز کا آغاز بہت شاندار ہے۔ ہم اس لئے ان ڈپلومہ کورسز کو خاص اہمیت دیتے ہیں کیونکہ یہ بیروزگار نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسیع مواقع کو یقینی بناتے ہیں۔ یہ حوصلہ افزا ہے کہ گوادر یونیورسٹی میں طلبا کی کل تعداد میں سے تقریباً نصف مقامی خواتین ہیں۔ ایسے دور دراز اضلاع میں یہ ایک قابل ستائش کوشش ہے۔ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد جدید علم پر مبنی تحقیق تیار کرنا ہے۔ اس سلسلے میں گوادر یونیورسٹی کے تحقیقی مقالوں کی تعداد متاثر کن حد تک زیادہ ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے ہر ریسرچ پیپر کو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بروئے کار لائیں۔ یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینیٹ اجلاس کے شرکا کی جانب سے تجاویز اور سفارشات کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ 23

ت مذاکراتی حکمت عملی کا حصہ ہیں، جسے انہوں نے 'فاری طرز مذاکرات' قرار دیا۔ امریکی نائب صدر نے مزید کہا کہ تکنیکی مذاکرات کسی نئے مرحلے کا آغاز نہیں بلکہ پہلے سے جاری سفارتی عمل کا تسلسل ہیں، اور دونوں فریق مختلف تکنیکی معاملات پر رابطے میں ہیں۔ ان کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب حالیہ دنوں ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کہہ چکے ہیں کہ امریکا کے ساتھ کسی حتمی معاہدے کیلئے باضابطہ مذاکرات کا مرحلہ ابھی شروع نہیں ہوا، تاہم ایران نے اس ہفتے دوحہ میں مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد سے متعلق تکنیکی بات چیت کے لیے ایک ماہر وفد بھیجنے کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ 24

مخصوص ٹیرف لائنز کو اس کمی سے مستثنی رکھا گیا ہے۔ برآمدات اور مقامی صنعت کے تحفظ سے متعلق اشیا پر موجودہ کم شرح ریگولیٹری ڈیوٹی برقرار رہے گی۔ قومی ٹیرف پالیسی 2025-30 کے تحت ریگولیٹری ڈیوٹی کو مرحلہ وار ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور حکومت 2030 تک ریگولیٹری ڈیوٹی مکمل طور پر ختم کر کے ٹیرف نظام کو سادہ بنانے کا ہدف رکھتی ہے۔ درآمدی ایس یو ویز اور آل ٹیرین وہیکلز پر بھی ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کر دی گئی ہے۔ 1800 سی سی یا اس سے زائد انجن والی ایس یو ویز پر ریگولیٹری ڈیوٹی 50 فیصد سے کم ہو کر 20 فیصد کر دی گئی ہے۔ 1800 سی سی سے کم ایس یو ویز اور سی یو گاڑیوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی 10 فیصد سے کم ہو کر 8 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ خام مال اور صنعتی ان پٹس پر اضافی کسٹمز ڈیوٹی میں بھی نمایاں کمی کی گئی ہے۔ اضافی کسٹمز ڈیوٹی کی شرحیں 6 فیصد سے 4 فیصد، 4 فیصد سے 2 فیصد اور 2 فیصد سے صفر کر دی گئی ہیں۔ البتہ صفر اور 5 فیصد کسٹمز ڈیوٹی والی مخصوص اشیا پر 2 فیصد اضافی ڈیوٹی برقرار رکھی گئی ہے۔ فنانس ایکٹ 2026 کے تحت درآمدی گاڑیوں پر خصوصی ایکسائز ڈیوٹی کا نفاذ آج سے شروع ہو گیا ہے۔ ایف بی آر نے اس کی وصولی کا باضابطہ طریقہ کار جاری کر دیا ہے۔ یہ ڈیوٹی کسٹمز کلیئرنس کے وقت کسٹمز ڈیوٹی کی طرح وصول کی جائے گی۔ ایف بی آر نے اس سلسلے میں ایس آر او جاری کر دیے ہیں جو آج سے نافذ العمل ہو گئے ہیں۔ حکام کے مطابق ان فیصلوں سے درآمدی رکاوٹیں کم ہوں گی، خام مال اور صنعتی ان پٹس کی لاگت میں کمی آئے گی اور کاروباری مسابقت کے ساتھ ساتھ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔

بقیہ 25

کے ایک وفد نے ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان فرحان یوسف خان کی قیادت میں طلباء اور فیکلٹی ممبرز کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے نیب کے وژن، مشن اور بدعنوانی کی لعنت کے خاتمے میں طلباء کے اہم کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر کالجز سیدہ نیاز اور پرنسپل اسلامیہ بوائز کالج عبدالرشید خان علیزئی بھی طلباء کی ایک کثیر تعداد کے ساتھ موجود تھے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب نے طلباء سے خطاب کے دوران اس بات پر زور دیا کہ نوجوان طلباء معاشرے میں تبدیلی کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ انہوں نے طلباء کو تلقین کی کہ وہ اپنی زندگیوں میں دیانتداری اور احتساب کو بنیاد بنائیں اور بدعنوانی سے نفرت کو اپنی شخصیت کا حصہ بنائیں۔ اسلامی تعلیمات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خود احتسابی اور دیانت داری اسلام کے بنیادی اصول ہیں اور بدعنوانی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا گیا اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں۔ اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ طلباء بدعنوانی کے خلاف شعور حاصل کریں تاکہ ایمانداری، دیانتداری اور جوابدہی کے درس کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ معاشرے کے اہم ارکان کے طور پر طلباء کی اجتماعی کوششیں بدعنوانی سے پاک معاشرے کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ پروگرام کے دوران جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز سیدہ نیاز اور پرنسپل اسلامیہ بوائز کالج کوئٹہ عبدالرشید خان علیزئی نے موضوع کے اعتبار سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور نیب بلوچستان کی کاوشوں کو سراہا اور آئندہ بھی انسداد بدعنوانی کی مہم میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ سیمینار کیا اختتام پر نیب کی جانب سے ڈپٹی ڈائریکٹر نیب نے پرنسپل اسلامیہ بوائز کالج کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔ بعد ازاں کالج میں کرپشن کے خلاف آگاہی واک کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں نیب افسران، ایڈیشنل ڈائریکٹر کالجز، پرنسپل، پروفیسرز اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 26

رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق صدر ٹرمپ نے حالیہ دنوں میں اپنے مشیروں کے ساتھ متعدد ملاقاتوں کے دوران ایران کے خلاف مزید فضائی حملوں کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکی انتظامیہ نے مختلف عسکری اور سفارتی آپشنز کا جائزہ لیا تاکہ خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں آئندہ حکمت عملی طے کی جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق اگرچہ ایران کے خلاف مزید فوجی کارروائی کے امکانات زیر غور آئے تاہم موجودہ مرحلے پر امریکی صدر نے سفارتی عمل کو جاری رکھنے اور مذاکرات کے ذریعے پیش رفت کی کوششوں کو ترجیح دی ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے بعد تکنیکی سطح پر رابطے اور سفارتی کوششیں جاری ہیں، جبکہ خطے میں حالیہ کشیدگی کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان مختلف ذرائع سے رابطوں کا سلسلہ برقرار ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ امریکی انتظامیہ کی جانب سے سفارتی راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ مشرق وسطی میں مزید کشیدگی سے بچنے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ تاہم مستقبل کی صورتحال کا انحصار مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت اور دونوں ممالک کے طرز عمل پر ہوگا۔ اب تک وائٹ ہاؤس کی جانب سے وال اسٹریٹ جرنل کی اس رپورٹ پر باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 27

بیان کی تائید کرتے ہوئے اس بیان کو اپنے ایکس اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے اسے پاکستانی موقف کی حمایت قرار دیا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کو اپنے ایکس اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے اسے پاکستانی موقف کی حمایت قرار دیا۔ ڈاکٹر وکٹر گاؤ نے انڈس واٹر ٹریٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ دنیا کے اس حصے میں کسی کو بھی پاکستان کے بنیادی مفادات بالخصوص اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے چین کے عزم پر شک نہیں ہونا چاہیے اس نشست کے تناظر میں دریائے سندھ کے آزادانہ بہاؤ پر پاکستانی عوام کے حق کو بھی مسلم سمجھا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر وکٹر گاؤ نے سندھ طاس معاہدے میں چین کو بھی شامل کرنے کی تجویز دی تھی۔

بقیہ 28

ش کے دوران باچا خان سکول کے قریب آبادی میں مکان کی کمرے گرنے سے ایک خاتون ایک بچی جاں بحق ہو گیا ہے اسی آبادی میں دوسرے مکان کے کمرے گرنے سے 4 افراد زخمی ہو گئے زخمی ہونے والو میں بچے اور خواتین شامل ہیں جبکہ کشتی کالونی میں مکان گرنے سے 8 سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی چیئرمین میونسپل کمیٹی شاہ بران کاکڑ ضلعی انتظامیہ اور ہسپتال عملہ موقع پر پہنچ گئے زخمیوں کو فوری طور سول ہسپتال پہنچائے گئے

بقیہ 29

نے والے پاکستانی قیدیوں میں 64 شہری اور 33 ماہی گیر شامل ہیں۔ بھارت رہائی اور وطن واپسی کے منتظر تمام پاکستانی اور پاکستانی سمجھے جانے والے قیدیوں کی حفاظت، سلامتی اور فلاح و بہبود کو یقینی بنائے۔ پاکستان نے یہ بھی مطالبہ کیا ہے کہ تمام پاکستانی سمجھے جانے والے قیدیوں تک فوری قونصلر رسائی دی جائے۔ قونصلر رسائی کا مقصد ممکنہ پاکستانیوں کی شہریت کی تصدیق کے عمل کو جلد مکمل کرنا ہے، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق حکومت پاکستان تمام پاکستانی قیدیوں کی جلد واپسی یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 30

کا انعقاد کیا گیا، جس میں مشترکہ عوامی مسائل پیش کیے گئے، جن کے مناسب اور فوری حل کے لئے موقع پر ہدایات جاری کی گئیں، منعقدہ کھلی کچہری میں تمام محکمہ جات کے ضلعی آفیسران کے علاوہ قبائلی عمائدین اور دیگر مکاتب فکر سمیت عوام الناس نے بھرپور شرکت کی کھلی کچہری میں ضلع کے تمام اداروں سے جڑے درپیش مسائل پر کھل کر گفتگو کی گئی، جبکہ عوام الناس نے کھلی کچہری کے انعقاد کو شفافیت اور میرٹ کے ایک انقلابی اقدام قرار دیتے ہوئے دلچسپی ظاہر کی، منعقدہ کھلی کچہری میں عوامی مسائل ومشکلات کو غور سے سنا گیا اور موقع پر موجود آفسران و حکام کو انکے مسائل فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ تاہم 3 گھنٹوں کے دورانیے پر مشتمل کھلی کچہری کے آخر میں اسسٹنٹ کمشنر نے عوام الناس کو یقین دلاتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ کھلی کچہری سے عوام اور اداروں کے درمیان فاصلے کم کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی، اور عوام الناس حکومتی اقدامات کو میرٹ و شفافیت سے مانیٹر کریں گے، انہوں نے تمام آفسران کو ہدایت کی کہ وہ کھلی کچہری میں پیش کردہ عوامی مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے اس ضمن میں عملدرآمد کی رپورٹ جلد از جلد پیش کیا جائے۔

بقیہ 31

پر بامعنی مذاکرات کا آغاز ضروری ہے، کسی بھی غلط اقدام سے خونریزی کا خطرہ، فائدہ ملک کے دشمن بھارت کو ہوگا مسئلے کے حل کے لیے حکومت، ریاستی اداروں، سیاسی قیادت اور تمام فریقین کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے اہل دانش، ریٹائرڈ سفارتکاروں، بیوروکریسی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات کے ساتھ مشاورتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شرکاء مشاورت کو امیر جماعت اسلامی کی جانب سے مدعو کیا گیا تھا۔ مشاورتی نشست میں سابق صدر آزاد کشمیر وسفارتکار سردار مسعود احمد خان، امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان، سابق امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر عبدالرشید ترابی، حریت کانفرنس کے کنوینئر غلام محمد صفی، سابق سفارتکار سید اشتیاق اندرابی، جموں وکشمیر کمیشن برائے انسانی حقوق کے چیئرمین ڈاکٹر نذیر گیلانی، شہید مقبول بٹ کے صاحبزادے جاوید مقبول بٹ، آزاد کشمیر یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر کلیم عباسی، سابق وزیر آزاد کشمیر فرزانہ یعقوب، سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس آزاد کشمیر فہیم عباسی، سابق سیکرٹری کشمیر خواجہ سلیم بسمل، بریگیڈیئر (ر) الطاف احمد، سابق ایڈیشنل سیکرٹری سید سلیم گردیزی، مسعود رضا، ڈاکٹر انیس عباسی، شفیق بٹ، ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی پاکستان سید فراست شاہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی، سمیت دیگر شخصیات شریک ہوئیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ماضی میں مقبوضہ کشمیر کے مسئلے پر مشاورتیں، مظاہرے اور سرگرمیاں ہوتی تھیں، لیکن افسوس کہ آج ہمیں آزاد کشمیر کی صورتحال پر اکٹھا ہونا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 01

انہوں نے کہا کہ ریاست کی مضبوطی اور استحکام اسی وقت ممکن ہے جب تمام شہریوں اور قومیتوں کو برابری، انصاف اور انسانی وقار کی بنیاد پر دیکھا جائے۔ اختلاف رائے کو جمہوری معاشروں میں ایک فطری عمل سمجھا جانا چاہیے، اور ہر اختلاف رکھنے والے فرد یا گروہ کو محض سیکیورٹی کے تناظر میں دیکھنے کے بجائے اس کے مؤقف کو سننا اور زمینی حقائق کو سمجھنا ضروری ہے۔ زاہد احمد ناروئی نے کہا کہ مختلف علاقوں کے لوگوں کی جانب سے طویل عرصے سے محرومیوں، ترقیاتی عدم توازن، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور دیگر مسائل سے متعلق مختلف تحفظات اور مطالبات سامنے آتے رہے ہیں۔ ایسے معاملات کا دیرپا حل طاقت کے بجائے آئین، قانون، انصاف، جوابدہی، باہمی احترام اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ریاست پائیدار امن، قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کو فروغ دینا چاہتی ہے تو ضروری ہے کہ تمام شہریوں کو مساوی حقوق، انصاف اور عزت نفس فراہم کی جائے۔ قومی مسائل کا حل تصادم نہیں بلکہ بات چیت، اعتماد سازی، آئینی عمل اور جمہوری روایات کے فروغ میں مضمر ہے۔

بقیہ 02

ت تعمیرات کے انجینئر نیاز احمد منگلزنیا نتظامی افسر کو یقین دہانی کرائی کہ ترقیاتی منصوبوں کے کوالٹی میٹریل کو مزید بہتر بنایا جائیگا فزیکل پروگریس کو تیز تر کیا جائیگا اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ وہ معیارات کے مطابق تمام اسکیموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں اس دورے کا مقصد پیش رفت کی نگرانی کرنا اور مقامی کمیونٹی کے فائدے کے لیے عوامی فنڈز کے موثر استعمال کو یقینی بنانا تھا ضلع قلات خالق آباد کے عوامی حلقوں نے ترقیاتی منصوبوں کیفنڈز کی شفافیت اور انتظامی افسران کی کارکردگی کو عوام دوست قراردیتے ہوئے کہا یک وزیراعلی بلوچستان سرفراز بگٹی کی قیادت میں قلات اور خالق آباد میں عوامی اعتماد کی بحالی اور ترقی کے نئے دور کا آغاز ہونے جارہا ہے۔

بقیہ 03

ری اداروں کے نمائندگان، ماہرین تعلیم، خواتین، محققین، مذہبی نمائندے، میڈیا اور سول سوسائٹی کے اراکین نے شرکت کی۔

بقیہ 04

ت کی آسان دستیابی کے باعث نوجوان نسل اس لعنت کی لپیٹ میں آ رہی ہے، جس سے ان کی صحت، تعلیم اور مستقبل بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ اگر بروقت مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو یہ مسئلہ مزید سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ منشیات فروش عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے، ان کے نیٹ ورک کو ختم کیا جائے اور نوجوانوں کو اس ناسور سے بچانے کے لیے مؤثر آگاہی مہم بھی چلائی جائے۔

بقیہ 05

لمیعاد اشیا کی فروخت، غیر قانونی رنگوں، ناقص اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر قانونی ایکشن لیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق ژوب میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر ژوب کے ہمراہ متعدد دودھ کی دکانوں اور ڈیری فارمز کا معائنہ کیا۔ دودھ میں پانی کی ملاوٹ اور اسکمڈ ملک ثابت ہونے پر 2 دودھ کی دکانیں سیل کر دی گئیں جبکہ 2 ڈیری فارمز سمیت مجموعی طور پر 4 یونٹس کو جرمانہ کیا گیا اور 5 بہتری نوٹسز جاری کیے گئے۔ معائنے کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ، چکنائی کی کمی، حشرات کی موجودگی، آلودہ برتن، غیر صحت بخش ماحول اور صفائی کے ناقص انتظامات جیسے سنگین نقائص سامنے آئے۔ علاوہ ازیں کوئٹہ میں مختلف انسپکشن ٹیموں نے کاسی روڈ، علمدار روڈ، نیچاری روڈ، ہزارہ ٹاؤن، ائیرپورٹ روڈ، پٹیل روڈ، میر احمد خان روڈ اور سرکی روڈ پر کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 13 فوڈ بزنس آپریٹرز کو جرمانے اور 5 اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ کارروائیوں کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ پر 2 ملک شاپس کے خلاف ایکشن لیا گیا جبکہ 3 ملک شاپس کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ مختلف جنرل اسٹورز، ریسٹورنٹس، ہوٹلز، بیکریز، بیف شاپس اور دیگر مراکز میں ناقص صفائی، بغیر لائسنس کاروبار، خراب گوشت، غیر معیاری اسٹوریج، حشرات کی موجودگی، کھلے کوڑے دان، غیر فوڈ گریڈ رنگوں، زائد المیعاد اشیا اور ممنوعہ مصنوعات کی موجودگی پر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اسی دوران نئے واٹر پلانٹ مالکان کو بی ایف اے ایس او پیز، رجسٹریشن اور محفوظ پانی کی تیاری سے متعلق رہنمائی بھی فراہم کی گئی جبکہ نان شاپس میں کارکنوں کو ذاتی حفاظتی سامان (PPEs) تقسیم کر کے محفوظ خوراک کی تیاری سے متعلق عملی آگاہی دی گئی۔ اسی طرح پنجگور میں پرانا تربت روڈ اور شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 2 جنرل اسٹورز کو جرمانہ اور 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ معائنے کے دوران زائد المیعاد مشروبات، اسنیکس، ملک کریم، جوسز، مصالحہ جات، پابندی عائد چائنیز نمک اور نان فوڈ گریڈ کلرز ضبط کر لیے گئے۔ خضدار میں آر سی ڈی روڈ پر قائم مختلف فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کے دوران 2 ریسٹورنٹس، 3 جنرل اسٹورز اور 1 نان شاپ سمیت 6 مراکز کو جرمانہ جبکہ 8 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران انتہائی ناقص صفائی، گندگی، مکھیوں کی بھرمار، زنگ آلود برتن، ناقص نکاسی آب، کم وزن روٹی کی تیاری اور زائد المیعاد اشیا کی فروخت پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ ملاوٹی دودھ، غیر معیاری خوراک اور عوامی صحت سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ فوڈ بزنس آپریٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بی ایف اے قوانین، حفظانِ صحت کے اصولوں اور فوڈ سیفٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 06

ے ضلع سی کے میونسپل کمیٹی سی وارڈ نمبر 20، یونین کونسل نمبر 6 وارڈ نمبر 2 اور یونین کونسل نمبر 13 وارڈ نمبر 4 میں ضمنی انتخابات کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ جاری کردہ شیڈول کے مطابق امیدوار یکم جولائی سے 3 جولائی 2026 تک کاغذات نامزدگی اسسٹنٹ کمشنر آفس سی میں صبح 00:8 بجے سے شام 00:4 بجے تک جمع کرا سکیں گے۔ شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 6 جولائی سے 8 جولائی 2026 تک ہوگی، جبکہ امیدوار 18 جولائی 2026 تک اپنے کاغذات واپس لے سکیں گے۔ مذکورہ وارڈز میں پولنگ 9 اگست 2026 کو ہوگی۔ ریٹرننگ آفیسر نے تمام خواہشمند امیدواروں سے مقررہ شیڈول اور ضابطہ کار کے مطابق بروقت کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 07

، جو صوبے کی معاشی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور نوجوانوں کے لیے نئے روزگار اور کاروباری مواقع پیدا کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بیوٹمز میں منعقدہ بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کے رضاکار طلبہ و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری، بیوٹمز کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی، رجسٹرار ڈاکٹر احسن اچکزئی، فیکلٹی ممبران اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ سرکاری شعبے میں تمام نوجوانوں کو ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں اس لئے نوجوان انٹر پرینور شپ اور کاروبار کی جانب آئیں، ہم صوبے کی یوتھ کو مواقع اور تربیت فراہم کرینگے، انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے، سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے تاکہ مقامی اور بین الاقوامی سرمایہ کار بلوچستان کے مختلف شعبوں میں اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ منعقد ہونے والی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار، کاروباری شخصیات، صنعتی ادارے، ترقیاتی شراکت دار، سفارتی نمائندے، تعلیمی ادارے اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ماہرین شرکت کریں گے۔ ایکسپو کے دوران بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، صنعتی شعبے، معدنی وسائل، زرعی و تجارتی امکانات، سیاحت اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔ انہوں نے رضاکار طلبہ و طالبات کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان کسی بھی بڑے قومی اور بین الاقوامی ایونٹ کی کامیابی میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی توانائیاں، پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور جذبہ اس ایونٹ کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ بلال خان کاکڑ نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی نے طلباء پر زور دیا کہ وہ اس ایکسپو کی کامیابی میں اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ بی بی او آئی ٹی کے سی ای او قائم لاشاری نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے اغراض و مقاصد پر بریفنگ دی جبکہ ڈاکٹر احسن اچکزئی نے بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کی تیاریوں اور رضاکار طلبا و طالبات کے کردار پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 08

دی اور اجتماعی مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی درخواستیں وصول کیں شکایات بغور سنیں اور متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بروقت اور بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نچگ نے بزرگ اور معذور افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بزرگ ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جبکہ معذور افراد کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ان کے دفتر کے دروازے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں اور ہر آنے والے شہری کو بلاامتیاز انصاف اور سہولت فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی درخواستوں پر فوری کارروائی کرتے ہوئے مقررہ وقت میں ان کے مسائل حل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ملاقات کے اختتام پر بزرگ اور معذور افراد نے ڈپٹی کمشنر کے عوام دوست رویے، مسائل کے فوری نوٹس اور بروقت احکامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 09

ی آبپاشی بلوچستان سہیل الرحمن بلوچ نے بلوچستان کے جائز حصے کے پانی، نہری نظام اور موجودہ صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف انجینئر کینالز بلوچستان ناصر مجید، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیرآباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور صوبائی وزیر آبپاشی کی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان کے جائز حصے کے زرعی پانی کے حصول کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں اور سندھ و بلوچستان کے درمیان رابطہ کاری کے عمل کو مزید موثر اور تیز بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ دونوں صوبوں کے اریگیشن حکام ہفتہ وار بنیادوں پر زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کے حوالے سے اجلاس منعقد کریں گے تاکہ پانی کی دستیابی اور تقسیم کے نظام کو شفاف اور موثر بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے اور اگر بلوچستان کے گرین بیلٹ کو اس کے جائز حصے کے مطابق زرعی پانی فراہم نہ کیا گیا تو رواں سال صوبے میں کاشتکاری کا شعبہ شدید متاثر ہو سکتا ہے، جس کے منفی اثرات زرعی پیداوار اور کسانوں کی معیشت پر مرتب ہوں گے انہوں نے کہا کہ اس اہم معاملے پر صوبائی سطح پر بھی اعلیٰ حکام مسلسل رابطے میں ہیں اور سندھ حکومت اور محکمہ آبپاشی پر لازم ہے کہ وہ بلوچستان کے آئینی اور قانونی حصے کے مطابق زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں تاکہ صوبے کے کاشتکاروں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سندھ حکام کی جانب سے بلوچستان کو اس کے جائز حصے کے مطابق زرعی پانی فراہم نہیں کیا جا رہا، جس کے باعث بلوچستان کی مختلف کینالز میں شدید شارٹ فال پیدا ہو گیا ہے اور ہزاروں کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ سیکرٹری آبپاشی نے کہا کہ دونوں صوبوں کے متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون، ذمہ داری اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس مسئلے کا فوری اور مستقل حل نکالنا ہوگا کیونکہ بلوچستان کے کاشتکاروں کے جائز حقوق کا تحفظ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان حکومت اپنے کاشتکاروں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور زرعی پانی کی بروقت، منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ صوبے کا زرعی شعبہ مستحکم ہو اور کسانوں کے بنیادی مسائل مستقل بنیادوں پر حل ہو سکیں۔

بقیہ 10

کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ریڑھی بانوں کے لیے مخصوص جگہ مختص کی گئی ہے، لہٰذا تمام ریڑھی بان اپنی ریڑھیاں اسی مقررہ مقام پر منتقل کریں اور وہیں اپنا کاروبار جاری رکھیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ شہر میں ٹریفک کی روانی اور عوامی سہولت کو یقینی بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائی اور نگرانی کا عمل مسلسل جاری رکھا جائے۔

بقیہ 11

آباد، 15 مددگار سینٹر کی مشترکہ اہم اور کامیاب کاروائی۔ تہرے قتل اور قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم آلہ قتل سمیت گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی، سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر بہادر علی ڈومکی، انچارج 15 مددگار سینٹر اسسٹنٹ سب انسپکٹر انعام اللہ لاچی نے دیگر پولیس ٹیم کے ہمراہ اہم اور کامیاب کاروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تہرے قتل میں نامزد ملزم اسرار احمد ولد محمد حسن قوم جمالی ساکن اقبال ٹاؤن کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے آلہ قتل ٹی ٹی پسٹل برآمد کر کے مزید قانونی کاروائی شروع کر دی۔ دوسری کاروائی قتل کے مقدمہ میں روپوش ملزم امیر بخش ولد پیر بخش عرف پیر جان قوم عمرانی ساکن جیکب آباد کو حسب ضابطہ گرفتار کرلیا۔

بقیہ 12

فنڈ کی ادائیگی کے حصول کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار درخواست دے چکی ہیں، تاہم متعلقہ حکام کی جانب سے ان کی درخواست پر کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور بلاوجہ تاخیر کے خلاف شکایت درج کروائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے فوری طور پر انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت شروع کی۔ دوران سماعت متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔ بعد ازاں وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کی والدہ کو ماہانہ بینوولنٹ فنڈ اور بقایاجات کی ادائیگی بلا تاخیر یقینی بنائی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کی والدہ کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر دیا، جبکہ بقایاجات کی مد میں 8 لاکھ 14 ہزار روپے بھی ادا کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 13

ڑ الیاس کنرزئی صاحب، اسسٹنٹ کمشنر منصور شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر جہانزیب بلوچ، پولیو آفیسر ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن ڈاکٹر صلاح الدین، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر سنیل، ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محمد آصف بگٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر منیر احمد گورگیج، بینظیر وومن سینٹر کے مس رخشندہ، ڈسٹرکٹ ڈیٹا آفیسر تعمیر خلق فاؤنڈیشن ریاض احمد بلوچ، مذہبی رہنما صوفی سلیمان، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آئی ایس ڈی میر داکس خان، مانیٹرنگ آفیسر ہیلتھ شعیب احمد نچگ، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام مس بانو ارباب، فیسلیٹیشن سینٹر بینظیر نشوونما پروگرام مس رابعہ عزیز، ڈسٹرکٹ پروگرام آفیسر اسلامک ریلیف حفیظ اللہ ریکسانی، آفس اسسٹنٹ پی پی ایچ آئی شوکت علی اور بڑی تعداد میں سول سوسائٹی، محکمہ صحت، اساتذہ اور خواتین و حضرات نے شرکت کی

بقیہ 14

لیکن پانی کی شدید قلت کے باعث لاکھوں ایکڑ پر کھڑی چاول کی پنیری، دھان اور دیگر فصلیں سوکھنے اور تباہ ہونے کے دہانے پر ہیں۔ کسان کروڑوں روپے کے مالی نقصانات برداشت کرنے پر مجبور ہیں جبکہ دیہی علاقوں میں صورتحال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ آبپاشی کے پانی کے ساتھ ساتھ پینے کا صاف پانی بھی نایاب ہو چکا ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو نہ صرف زرعی پیداوار متاثر ہوگی بلکہ پورے خطے کی معیشت اور لاکھوں افراد کا روزگار بھی شدید خطرات سے دوچار ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی منصفانہ تقسیم ہر آبادگار کا بنیادی حق ہے حکومت بلوچستان اور متعلقہ محکمہ آبپاشی کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے کہ ہیڈ سے لے کر ٹیل تک تمام علاقوں کو ان کے مقررہ حصے کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا امتیازی رویہ اختیار نہ کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پٹ فیڈر کینال پر قائم تمام غیر قانونی واٹر کورسز، غیر قانونی پائپ لائنوں اور پانی چوری کے دیگر ذرائع کا بلاامتیاز خاتمہ کیا جائے۔ متعلقہ محکمہ سیاسی اشرافیہ، بااثر جاگیرداروں اور اثر و رسوخ رکھنے والے عناصر کے ساتھ کسی بھی قسم کی جانبداری سے باز آئے اور قانون کو بلاتفریق نافذ کرے تاکہ کسی طاقتور طبقے کی وجہ سے ٹیل کے کسان اپنے جائز حق سے محروم نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پٹ فیڈر کینال میں پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے اور غیر قانونی مداخلت کا خاتمہ کیا جائے تو ٹیل کے آبادگاروں کے مسائل بڑی حد تک حل ہو سکتے ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کسانوں کے آئینی، قانونی اور معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر جمہوری اور پارلیمانی فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کرتے ہوئے ٹیل کے علاقوں تک ان کا مکمل پانی پہنچایا جائے تاکہ زرعی معیشت کو مزید تباہی سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 15

کمیشن کے ذریعے منتخب ہونے والے 192 سب انجینئرز کی تقرری کے احکامات جاری کر دیے ہیں اس اہم پیش رفت کو محکمہ کی کارکردگی، استعداد کار اور صوبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے کی جانب ایک بڑی کامیابی قرار دیا جارہا ہے

بقیہ 16

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ عبدالرزاق اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے

بقیہ 17

ملک کی ٹیلی کمیونی کیشن کی تاریخ کا ایک اہم ترین انضمامی معاہدہ مکمل ہو گیا ہے۔ یہ انضمام اسلام آباد ہائی کورٹ سے آخری قانونی منظوری موصول ہونے کے بعد عمل میں آیا، جبکہ اس عمل میں متعدد ریگولیٹری اور قانونی اداروں نے مرحلہ وار حصہ لیا۔ اس کے بعد ٹیلی نار پاکستان کا ایک علیحدہ و قانونی ادارے کی حیثیت سے پاکستان سے وجود ختم ہو گیا ہے۔ اس پیش رفت کے بعد ٹیلی نار پاکستان کے آپریٹرز، نیٹ ورک انفراسٹرکچر اور صارفین مکمل طور پر پی ٹی ایم ایل (یوفون 5G) میں ضم ہو جائیں گے۔ اس کے نتیجے میں ایک مشترکہ ادارہ وجود میں آئے گا جس کی رسائی مزید وسیع، اسپیکٹرم پورٹ فولیو مزید مضبوط اور ملک بھر میں جدید ترین کنیکٹیویٹی اور ڈیجیٹل خدمات میں سرمایہ کاری کی صلاحیت مزید بہتر ہوگی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پی ٹی سی ایل کے صدر و سی ای او، حاتم بامطرف نے کہا: "یہ ہماری کمپنی اور پاکستان کی ٹیلی کام انڈسٹری کے لیے ایک فیصلہ کن لمحہ ہے۔ ہم حکومت پاکستان اور اس عمل میں شامل تمام اداروں کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں، جنہوں نے اس عمل میں تندہی سے حصہ لیا اور ہماری بھرپور معاونت کی۔ میں اپنے صارفین کا بھی دلی شکریہ ادا کرتا ہوں، جن کے اعتماد نے یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کو اس تبدیلی سے گزرنے میں مدد فراہم کی۔ اسی طرح میں اپنی ٹیم کا بھی شکر گزار ہوں، جن کی لگن اور محنت نے اس اہم سنگ میل کو ممکن بنایا۔ اب جبکہ ہم ایک کمپنی کی حیثیت سے یکجا ہو رہے ہیں، ہم اپنے صارفین کو ایسی جدید ترین مصنوعات اور خدمات فراہم کریں گے، جو پاکستان میں ڈیجیٹل تجربے کے حوالے سے ایک نیا معیار قائم کر سکیں۔" دونوں اداروں کے انضمام سے وجود میں آنے والا ادارہ، پی ٹی سی ایل کا مکمل ملکیتی مگر خودمختار ادارہ ہوگا، جو پی ٹی ایم ایل کے نام سے کام جاری رکھے گا۔ نیا ادارہ 5G کوریج میں توسیع، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانے اور ملک بھر میں لاکھوں صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی کے موجودہ عزم کے تابع خدمات انجام دے گا۔ یوفون 5G نے انضمام کے عمل کے دوران یوفون 5G اور ٹیلی نار پاکستان دونوں کے صارفین کو خدمات کے تسلسل کی یقین دہانی کرائی ہے، جبکہ انہیں مزید بہتر کنیکٹیویٹی اور اعلیٰ معیاری ڈیجیٹل تجربہ بھی فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 18

سے ملاقات کے دوران علاقائی صورتحال، خصوصاً پانی کے بحران پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ جھنڈیر شاخ شاہی واہ مانجھوٹی شاخ اچ شاخ میں پانی کی شدید قلت کے باعث کسان اور زمیندار شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ پینے کے پانی کی کمی نے بھی عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے انکا کہنا تھا کہ اریگیشن حکام کی خاموشی اور موثر اقدامات نہ ہونے پر عوام میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی افسوس کا اظہار کیا گیا کہ پٹ فیڈر کینال میں پانی کی کمی کے باعث زرعی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، جس سے کاشتکاروں اور زمینداروں کو بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام اور کاشتکاروں کی مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے۔

بقیہ 19

۔ واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر چمن نے چند دن پہلے اسکول کے دورے کے دوران پرائمری تک کے بچوں کیلئے وردیاں دینے کا خصوصی اعلان کیا اور آج اس سلسلے میں طلبا کی حوصلہ افزائی کیلئے باقاعدہ نئے یونیفارم تقریب کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی اور سکول کے ہیڈ ماسٹر نے سکول یونیفارم کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ کے ساتھ طلبہ میں نظم و ضبط، یکسانیت، اعتماد اور تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے کے لیے یونیفارم اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یکساں یونیفارم نہ صرف طلبہ میں مساوات اور احساس ذمہ داری کو فروغ دیتا ہے بلکہ تعلیمی ادارے کی شناخت اور وقار میں بھی اضافہ کرتا ہے اس موقع پر ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج گورنمنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول چمن میں طلبا کے نئے جوش نئے جذبے اور نئے یونیفارم کو خوب سراہا۔ اور ہیڈ ماسٹر اساتذہ اور طلبا کو داد پیش کی ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو مزید محنت، دیانتداری اور لگن کے ساتھ انجام دیں تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ وہ نظم و ضبط کی پابندی، اساتذہ کے احترام اور تعلیم کے حصول پر بھرپور توجہ دیں تاکہ مستقبل میں ملک و قوم کے مفید شہری بن سکیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر چمن نے نئے سکول یونیفارم کا معائنہ کیا، سکول انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ چمن تعلیمی اداروں کی بہتری، سہولیات کی فراہمی اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 20

کیا گیا ڈپٹی کمشنر نے ان مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی ڈپٹی کمشنر نے زمیندار ایکشن کمیٹی کو بتایا کہ وزیراعلی بلوچستان کا وژن ہے کہ پورے بلوچستان میں زراعت کے شعبے میں انقلاب لایا جائے حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں محکمہ زراعت موسیٰ خیل نے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیکر اپنی مہم کا آغاز کر دیا ہے جو زراعت کے حوالے سے درپیش مسائل کا جائزہ لیکر فوری طور پر اپنی رپورٹ حکام بالا تک پہنچا رہے ہیں جس پر ایمرجنسی بنیادوں پر عمل جاری ہے جو ساتھ ساتھ حکومت بلوچستان کی طرف سے کسان کارڈ کے حصول اور استعمال کا طریقہ کار بھی سمجھا رہے ہیں اس موقع پہ زمیندار ایکشن کمیٹی نے ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 21

بدل کر کے متعدد مکانات اور ایک دکان کو شامل نہیں کیا گیا اصل نقشہ اور سول ناظر کی رپورٹ میں واضح تضادات موجود ہیں یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ جائیداد کی پیمائش اور تقسیم میں حقائق کو مکمل طور پر ظاہر نہیں کیا گیا میری والدہ نے دو مرتبہ نظرثانی کی درخواستیں دائر کیں مگر مسئلہ حل نہ ہو سکا میرے والد اور دادا نے مقدمہ لڑا، تاہم دونوں کے انتقال کے بعد خاندان کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عدالتی فیصلے کے تحت گھر خالی کرنے اور قانونی اخراجات ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے مخالف فریق کی جانب سے کرایے سے متعلق دعویٰ بے بنیاد اور حقیقت کے منافی ہے مخالف فریق نے خاندان کو ذہنی اور جسمانی طور پر ہراساں کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا والد فوت ہو گیا ہے ہم 7 بہنیں ہیں۔ میرا چچا وراثت میں ملنے والے گھر پر قبضہ کرنے کے لئے ہمیں مختلف اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے تنگ کر کے گھر سے نکلنے کی دھمکیاں دے رہا ہے۔ جس کی وجہ سے ہماری زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے والدہ بیوہ اور بچے یتیم ہونے کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ چچا نے دادا کو ان کی حیاتی میں کہا کہ انہیں گھر سے بے دخل کر دو لیکن دادا نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا تھا۔ عدالت میں من گھڑت الزامات کا سہارا لیکر کیس کے ذریعے ہمیں بے دخل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وجیہہ نے کہا کہ والدہ، بہنوں اور دیگر اہل خانہ کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور دھمکیوں کے واقعات کا بھی سامنا ہے۔ مخالف فریق نے ذاتی اختلافات کی بنیاد پر ان کے خاندان کو مسلسل نشانہ بنایا میری والدہ نے برسوں کی جمع پونجی گھر کی مرمت اور دیکھ بھال پر خرچ کر دی ہمارے پاس رہائش کے لیے اس گھر کے علاوہ کوئی متبادل جگہ موجود نہیں وزیراعلی بلوچستان سے اپیل کی گئی کہ متاثرہ خاندان کو بے گھر ہونے سے بچانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں آج 3 جولائی کو ہائی کورٹ میں کیس کی سماعت مقرر ہے جبکہ مخالف فریق نے گھر فوری خالی کرانے کی درخواست دے رکھی ہے۔ اگر انصاف فراہم نہ کیا گیا تو وہ وزیراعلی ہاؤس کے سامنے احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گی

بقیہ 22

مقام پر سرکاری نرخ نامہ آویزاں کرنے اور مقرر نرخوں پر گوشت فروخت کرنے کی سختی سے ہدایت کی گئی۔ اسی طرح ایل پی جی گیس ایجنسیوں اور ریفلنگ پوائنٹس کا بھی معائنہ کیا گیا

بقیہ 23

ری دی گئی۔ اجلاس میں بعض صحافیوں کی جانب سے پریس کلب کی رکنیت کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں پر بھی غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ پریس کلب کے آئین و منشور کی خلاف ورزی کرنے والے اراکین کے خلاف آئین کے مطابق کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور میر ابراہیم ریکی اور حسین احمد کشانی کو دالبندین پریس کلب کا ممبر شپ جاری کر دیا گیا۔ جو طویل عرصے سے ممبر شپ کے لئے درخواست دے دیا تھا۔

بقیہ 24

تحہ خوانی یکم جولائی سے جامع مسجد سلطان تیر 12 اے ون سٹی بروری کوئٹہ میں ہوگی۔ دریں اثنا سماجی رہنما حافظ عبدالقدیر لہڑی، و دیگر نے اظہار تعزیت کی ہے۔

بقیہ 25

ے متعدد کارکن زخمی ہوئے، 50 سے زائد ملازمین اور اساتذہ کرام کو گرفتار کر کے کوئٹہ کی مختلف جیلوں میں قید کر کے رکھے ہوئے ہیں، جن میں خاص کر ایپکا کے ضلعی صدر صحبت خان مندوخیل جی ٹی اے ژوب کے ضلعی صدر مولانا مشہور شاہ اخونزادہ وہ مراد خان محمد شفیق صاحب عبداللہ شاہ صاحب سمیت شامل ہیں، اس کے علاوہ کئی اساتذہ کرام اور ملازمین کے خلاف جبری ریٹائرمنٹ کی معطلی اور تنخواہوں کی بندش جیسے اقدامات بھی کیے گئے جنہیں غیر آئینی قرار دیا گیا ہے۔ جی ٹی اے ژوب کی طرف سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ تمام اساتذہ کرام RTSM کے غیر ضروری ویڈیوز سے نہ گھبرائیں اور نہ کسی قسم کے خوف میں آئیں بلکہ ان حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کریں اور صوبائی قیادت کی طرف سے اعلان کردہ لاک ڈاؤن کو مزید کامیاب بنائیں اور اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں، یہ جدوجہد تمام ملازمین کے مشترکہ مفاد کے لیے ہے اس لیے گرینڈ الائنس کے تمام ملازمین اس جمہوری جدوجہد میں بھرپور حصہ لیں، ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر تحریک کا ساتھ دیں اور سرکاری ملازم ہونے کا ثبوت پیش کریں، اسی طرح آج بھی ضلع ژوب تمام سرکاری تعلیمی ادارے اور سرکاری دفاتر بدستور بند رہیں، یکم جولائی 2026 بروز بدھ کو بھی تمام تعلیمی ادارے اور دفاتر بند بدستور بند رہیں گے اور اعلامیہ میں اداروں اور دفاتر کی جاری لاک ڈاؤن و تالا بندی کو کامیاب بنانے میں بھرپور کردار ادا کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 26

بہترین انتظامات کرنے پر ڈپٹی کمشنر اور پولیس فورس کا شکریہ ادا کیا اور ان کی کاوشوں کو سراہا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ویند لعل نے کہا کہ کسی بھی ضلع یا علاقے کی ترقی خوشحالی اور استحکام کا دارومدار پائیدار امن وامان پر ہوتا ہے اگر معاشرے میں امن قائم ہو تو نہ صرف عوام کو سکون میسر آتا ہے بلکہ ترقیاتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملتا ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ امن وامان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ امن کے قیام میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ساتھ عوام، سماجی رہنماؤں اور علمائے کرام کا کردار نہایت اہم ہے اس ضمن میں باہمی تعاون برداشت اور بھائی چارے کی فضا کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ افواہوں سے گریز کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ ضلع بھر میں امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جائے گی۔

بقیہ 27

ہسپتالوں، دیہی مراکز صحت (RHCs)، بنیادی مراکز صحت (BHUs) اور دیگر طبی مراکز کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس دوران ادویات کی دستیابی، طبی آلات کی فعالیت، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضری، ایمرجنسی خدمات، زچہ و بچہ کی صحت، حفاظتی ٹیکہ جات، صفائی کی صورتحال اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بروقت، معیاری اور بلاامتیاز طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سرکاری صحت مراکز میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی سو فیصد حاضری یقینی بنائی جائے، ادویات کی مسلسل دستیابی برقرار رکھی جائے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اپنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر حاضر عملے، ناقص کارکردگی اور عوامی شکایات کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ صحت کے اداروں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کا عمل مزید موثر بنایا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول کاکڑ نے ضلع میں جاری صحت عامہ کے مختلف پروگراموں، انسداد پولیو مہم، حفاظتی ٹیکہ جات، زچہ و بچہ کی صحت، موسمی بیماریوں کی روک تھام اور طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ دوردراز علاقوں میں بھی بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں اور دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر فرحان نے بھی اجلاس کو دیہی مراکز صحت کی کارکردگی، عملے کی دستیابی، ادویات کے ذخائر اور جاری ترقیاتی اقدامات سے آگاہ کیا، جبکہ درپیش مسائل اور ان کے ممکنہ حل کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ اجلاس کے شرکاء نے صحت کے شعبے میں مزید بہتری، طبی مراکز میں سہولیات کے فروغ، ضروری طبی آلات کی فراہمی، ادویات کے وافر ذخائر، صفائی کے نظام کی بہتری اور عوامی خدمت کے معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے متعدد سفارشات پیش کیں۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت باہمی تعاون سے صحت کے نظام کو مزید فعال، موثر اور عوام دوست بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے تاکہ شہریوں کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آ سکیں۔

بقیہ 28

از میں جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی، کچرے کی بروقت منتقلی اور صفائی کے دیگر امور انجام دیے۔ اس سلسلے میں سلیم داد ولی زون کے دوبی گاٹ محلہ میں نالیوں کی صفائی، عجب خان زون میں منظلہ مسجد روڈ پر نالیوں کی صفائی، باران زون میں جان محمد گلی کی نالیوں کی صفائی جبکہ عبدالخالق زون میں عیدگاہ قبرستان سے کچرا اٹھا کر صفائی مکمل کی گئی۔ اسی طرح شہر کے مختلف علاقوں سے کچرے کی بروقت منتقلی کے لیے ٹریکٹر ٹرالی اور سوزوکی گاڑیوں کے ذریعے صفائی آپریشن بھی جاری رکھا گیا تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ چیف آفیسر محب اللہ بلوچ نے کہا کہ عوام کو بہترین بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اور شہر کو صاف، خوبصورت اور صحت مند رکھنا میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیح ہے، جبکہ صفائی مہم آئندہ بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گی۔

بقیہ 29

مریض سخت پریشانی کا شکار ہیں۔ دوردراز علاقوں سے علاج کی امید لے کر آنے والے مریض اور ان کے اہل خانہ اسپتال میں طبی سہولیات نہ ملنے پر مایوس واپس لوٹنے یا مہنگے نجی کلینکس کا رخ کرنے پر مجبور ہیں۔ وہ ڈاکٹرز جو کہ سرکاری اسپتال میں ہڑتال پر ہیں جبکہ نجی اسپتالوں میں چھری ہاتھ میں لیے بیٹھے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اسپتال عوام کو مفت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے قائم کیے گئے ہیں، لیکن اگر یہی ادارے بند رہیں تو اس کا سب سے زیادہ نقصان غریب طبقے کو اٹھانا پڑتا ہے، جو پہلے ہی مہنگائی اور معاشی مشکلات کا شکار ہے۔ ان کے مطابق بیمار افراد کو بروقت علاج سے محروم کرنا ایک انتہائی تشویشناک صورتحال ہے، جس پر فوری توجہ دی جانی چاہیے عوام نے حکومت بلوچستان، محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈاکٹروں اور متعلقہ حکام کے درمیان مسائل کو جلد از جلد حل کریں تاکہ سرکاری اسپتالوں میں طبی خدمات بلاتعطل بحال ہو سکیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامی تنازعات یا احتجاج کی سزا مریضوں کو دینا کسی بھی صورت مناسب نہیں، کیونکہ عوام کی جانوں کا تحفظ اور بروقت علاج حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 30

جات کا معائنہ کیا مریضوں کی عیادت کی ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور طبی عملے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف شعبوں کی کارکردگی اور مریضوں کو دی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی اور طبی عملے کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پاک بحریہ کی جانب سے تقریباً سات سال سے بند شفا جاہ ہسپتال کو دوبارہ فعال کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ گوادر کے عوام کے لیے ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی بحالی سے نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ گردونواح کے علاقوں کے عوام کو بھی بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری اور بروقت طبی سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہیں، اور صحت کے شعبے میں ایسے اقدامات عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے پاک بحریہ کی اس کاوش کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے امید ظاہر کی کہ پاک بحریہ مستقبل میں بھی عوامی فلاح و بہبود کے ایسے منصوبے جاری رکھے گی تاکہ گوادر کے عوام کو مزید بہتر، معیاری اور جدید طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ ضلع گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری اور عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں ہر سطح پر جاری رکھیں گے

بقیہ 31

یک ڈسٹرکٹ سیمینار میونسپل کمیٹی ہال ژوب میں منعقد کیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی چیئرمین بلدیہ ژوب شاہ باران کاکڑ تھے، سیمینار میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، کونسلروں، سول سوسائٹی، طلباء سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ سیمینار کی میزبانی بختیار خان مندوخیل نے کی۔ انہوں نے شرکاء کو معلومات تک رسائی پر تفصیلی بریفنگ دی اور رائٹ ٹو انفارمیشن کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور شرکاء سے عہد لیا کہ سال 2026 میں کم از کم پانچ، پانچ آر ٹی آئی درخواستیں جمع کی جائیں گی۔ مہمان خصوصی چیئرمین بلدیہ ژوب شاہ باران کاکڑ نے کہا کہ ایڈ بلوچستان نے ژوب میں اس اہم نوعیت کے سیمینار کا انعقاد کر کے اچھا اقدام اٹھایا ہے۔ تاکہ عوام کو معلومات تک رسائی کے ان کے بنیادی حق کے بارے میں آگہی حاصل ہو سکے۔ ہم ایسے پروگراموں کو سراہتے ہیں۔ اور یہاں کے لوگ باشعور، ترقی پسند اور اپنے مسائل پر کھل کر بات کرنے والے ہیں۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی رہنماؤں کونسلروں فضل آمین مندوخیل، ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل، اجمل اعوان نے رائٹ ٹو انفارمیشن کی تاریخ اور ایڈ بلوچستان کی جدوجہد پر بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ قانون حکومت اور عوام دونوں کے لیے فائدہ مند ہے، کیونکہ اس سے شفافیت بڑھتی ہے اور اداروں پر عوام کا اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم کے ذریعے مسلسل ایڈووکیسی کے نتیجے میں 2021 میں بلوچستان کو ایک مضبوط دوسری نسل کا آر ٹی آئی قانون ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایک طاقتور ٹول ہے جس کے ذریعے عوام اپنے علاقوں کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ معلومات کی اہمیت کو مزید عام لوگوں میں پھیلایا جائے کہ وہ اس اہم قانون کو سمجھیں اور اس پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 32

سامنے پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کی علامت ہے، جس نے کئی دہائیوں تک دونوں ممالک کے درمیان آبی تنازعات کو قانونی اور پرامن انداز میں حل کرنے کی بنیاد فراہم کی۔ ایسے معاہدوں کا احترام بین الاقوامی نظام اور ریاستوں کے درمیان باہمی اعتماد کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ 33

وڈھ کے اشرف ہوٹل پر فائرنگ کے واقعے میں دو افراد کے زخمی ہونے کے بعد وڈھ بازار کے تاجروں نے عدم تحفظ کے باعث احتجاجاً اپنی دکانیں بند کر دیں، جس کے نتیجے میں پورا بازار مکمل طور پر بند ہو گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ کئی دنوں سے وڈھ بازار کے لیے سامان کی ترسیل بھی متاثر ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق سامان لانے والی گاڑیوں کو درپیش مسائل کے باعث بازار میں اشیائے خورونوش سمیت روزمرہ استعمال کی متعدد ضروری اشیاء کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے، جبکہ کئی مارکیٹیں خالی پڑی ہیں۔ بازار کی بندش اور ضروری اشیاء کی کمی کے باعث شہری زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ عوام اور تاجروں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنائی جائے، تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور وڈھ بازار کے لیے سامان کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی جائے تاکہ معمولات زندگی بحال ہو سکیں۔

بقیہ 34

یز کا پانی سپلائی کیا جاتا رہا جو کبھی زرد رنگ اور کبھی کالے رنگ پانی دیہہ کے عوام کو سپلائی کیا جاتا تھا۔ جو کہ انسان کے پینے سے دور جانور بھی نہیں پیتے تھے۔ اب تو پانچ سال سے وہ بھی بند ہو گیا ہیں۔ دیہہ کے دو ہزار خاندان معصوم بچے خواتین اور بزرگ سارا سارا دن پانی کے حصول کیلئے سرگرداں ہوتے ہیں۔ دیہہ میں اکثریت غریب اور متوسط خاندان رہائش پزیر ہیں اس مہنگائی کے دور میں ایک ٹینکر پانی اڑھائی ہزار سے تین ہزار میں خریدنا ناقابل برداشت ہیں۔ وزیر اعلی بلوچستان، وزیر واسا سردار کھیتران اور ایم ڈی واسا سے پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ دیہہ کے عوام پر رحم کرتے ہوئے ماضی کی طرح ایوب اسٹیڈیم سے پانی سپلائی کرنے بندوبست کیا جائے۔

بقیہ 35

ل 62 کے تحت فارم XXIV (A) کے مطابق باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین کی نشست پر ایڈووکیٹ علی شیر زرکون جبکہ وائس چیئرمین کی نشست پر سعیدہ بیگم بلا مقابلہ کامیاب قرار پائے ہیں۔

بقیہ 36

سلسلہ جاری ہے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کا تعلیمی پالیسی 2025/26 کے تحت انٹرمیڈیٹ طلباء وطالبات کے لئے میرٹ لسٹ اسکالرشپس پروگرام کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا ہے یہ اقدام اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ بلوچستان کا ہر باصلاحیت طالب علم مالی مشکلات کے بغیر اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکے۔ تعلیم کے فروغ، میرٹ کے تحفظ اور نوجوانوں کو یکساں مواقعوں کی فراہمی کے لیے حکومت بلوچستان کی مسلسل کاوشیں صوبے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) میرٹ پر مبنی اور مؤثر اسکالرشپ پالیسیوں کے ذریعے ہزاروں طلبہ و طالبات کی تعلیمی معاونت کر رہا ہے۔ ادارے کے "چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد ماندائی" کی قیادت میں BEEF مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں تک تعلیمی سہولیات کی بروقت اور منظم فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں سرانجام دے رہا ہے۔ اگر آپ نے "سال 2025" کا انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان پاس کیا ہے اور کسی تسلیم شدہ تعلیمی ادارے کے "4 یا 5 سالہ گریجویشن پروگرام" میں باقاعدہ داخلہ لے چکے ہیں، تو اپنی میرٹ لسٹ ضرور چیک کریں اور مقررہ "تاریخ 30 جولائی 2026" تک تصدیق شدہ BEEF اسکالرشپ فارم تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ BEEF آفس میں جمع کروائیں۔ اسی سلسلے میں مزید تعلیمی اسکالرشپس، علم کے حصول کے مواقعوں، اہم اعلانات اور تازہ ترین اپ ڈیٹس سے بروقت آگاہ رہنے کے لیے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے تمام آفیشل سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وقتاً فوقتاً مصدقہ معلومات کی تشہیر بھی کی جاتی ہے تاکہ طلباء وطالبات تک اہم معلومات کی بروقت رسائی کو آسان بنایا جا سکے۔

بقیہ 37

مات اور مسئلہ کا حل نکالا جائے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں احتجاج کے نام پر مریضوں کے ساتھ ظالمانہ رویہ اپنایا جا رہا ہے جس کے باعث غریب مریض رل گئے ہیں اور اموات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انسانیت کے مسیحا سیکورٹی کے نام پر مریضوں کے جانوں سے کھیل رہے ہیں لوگوں کے ٹیکس کے پیسوں سے میڈیکل سیٹ حاصل کر کے ان پر بھاری اخراجات خرچ ہونے کے باوجود وہ عوام کی خدمت کی بجائے ایمرجنسی اور دیگر سروسز بند کر کے لکھا پڑھا طبقہ کیا پیغام دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے حقوق کے علمبردار اور بننے والے بڑے ہائیز میں خالی خولی باتیں کرتے نظر آتے ہیں لیکن ہسپتال میں خاتون مریض کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ پر ان کی خاموشی سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور ڈاکٹرز نے سیکورٹی کو انا کا مسئلہ بنا کر غریب مریضوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ دیئے ہیں۔ پر امن احتجاج ہر ایک بنیادی حق ہے لیکن احتجاج اور سیکورٹی کے نام پر مریضوں کو وارڈوں سے دھکے دیکر نکالنا انسانیت کی مسیحاؤں کو زیب نہیں دیتا۔ اگر انہیں تنخواہیں اور مراعات اور سیاست کا شوق ہے تو انہیں اس شعبے سے وابستہ ہونے کی کیا ضرورت تھی جبکہ ڈاکٹرز کا شعبہ مراعات اور بڑی تنخواہ کا نام نہیں ہے اگر انہیں پیسے کمانا ہے تو کوئی اور کاروبار کر لیتے تو بہتر تھا ڈاکٹرز کو احتجاج کرنے پر سیکورٹی کا کوئی مسئلہ نہیں بلکہ انہیں ڈیوٹی دینے پر مسئلہ ہوتا ہے حکومت کو چاہئے کہ ڈاکٹرز کے ساتھ مل بیٹھ کر مسئلہ کا پر امن نکال کر مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 38

اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے مشترکہ طور پر کیا، جس دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی سے غیر قانونی تجاوزات ہٹا دی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں و تاجروں سے شہر کو صاف اور منظم رکھنے میں تعاون کی اپیل کی گئی۔

بقیہ 39

حوالے سے بریفنگ بھی حاصل کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد نعیم خان نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ تعمیراتی معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ تعمیراتی کام کے ہر مرحلے کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر آمدورفت، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوامی وسائل کے شفاف اور مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کاموں میں غفلت، ناقص معیار یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اور ذمہ دار افسران و ٹھیکیداروں کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 40

کی قیادت میں کمیٹی قائم کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ کمیٹی صوبے بھر کا دورہ کر کے کارکنوں سے ملاقاتیں کر کے انکے مسائل حل کرنے کیلئے بھی تجاویز دے اور اقدامات اٹھائے، بلوچستان میں رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل اور طور اتمانخیل کو وزارت دی جائے تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے کارکنوں اور عوام کی خدمت کر سکیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ کارکن کسی بھی جماعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں کارکن متحد ہو کر پارٹی کی فعالیت کیلئے اپنا کردار ادا کریں پارٹی کی مرکزی بلوچستان میں کارکنوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں اور صوبائی وزراء کو پابند کیا جائے کہ وہ کارکنوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور انہیں روزگار کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں پارٹی کو فعال بنانے کے لئے صوبائی صدر و گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور رکن قومی اسمبلی و صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ کی خدمات قابل تعریف ہے انہوں نے دن رات محنت کر کے صوبے میں فعال کو فعال بنایا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اسوقت بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت کا حصہ ہے اور پارٹی کو مختلف مسائل درپیش ہیں گزشتہ دنوں اسلام آباد میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت میں ہونے والے مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں وزراء اور ارکان نے کھل کر مسائل سے آگاہ کیا نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن عبدالخالق اچکزئی، پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ، صوبائی وزیر داخلہ حمید خان درانی، نوابزادہ میر زرین خان مگسی رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل پر مشتمل کمیٹی قائم کی گئی جبکہ کمیٹی کے سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کو مقرر کیا گیا جس پر ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ یہ کمیٹی بلوچستان بھر میں کارکنوں سے ملاقاتیں کر کے انکے مسائل بھی معلوم کریگی اور انہیں حل کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے گی۔ سید جہانگیر شاہ نے پارٹی کی مرکزی اور صوبائی قیادت سے مطالبہ کیا کہ رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل اور حاجی محمد خان طور اتمانخیل کو بھی وزارت دی جائے تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے صوبے کے عوام کی خدمت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت مسلم لیگ (ن) کے رہنما و صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی کارکردگی سب سے بہتر ہے اور وہ صوبے کے عوام اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

بقیہ 41

ت کی آسان دستیابی کے باعث نوجوان نسل اس لعنت کی لپیٹ میں آ رہی ہے، جس سے ان کی صحت، تعلیم اور مستقبل بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ اگر بروقت مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو یہ مسئلہ مزید سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ منشیات فروش عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے، ان کے نیٹ ورک کو ختم کیا جائے اور نوجوانوں کو اس ناسور سے بچانے کے لیے مؤثر آگاہی مہم بھی چلائی جائے۔

بقیہ 42

لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر موثر اور جامع تعاون ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے خصوصی ہدایت دی کہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی، اور چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) تمام صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کا اس ہفتہ ہنگامی دورہ کریں گے تاکہ مون سون کی پیشگی تیاری مکمل کی جا سکے۔ وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی زیرنگرانی نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ وفاقی وزارتوں پر مشتمل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو صوبائی متعلقہ اداروں سے عملی تعاون کے لیے کام کرے گی۔ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی ہفتہ وار ملاقاتیں کرے گی۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی میں وفاقی وزیر خزانہ مون سون کی ممکنہ تباہی کی صورت میں ہنگامی فنڈ کی تشکیل کے لیے پیشگی تیاری مکمل کریں۔ غیر ملکی اداروں کی مالی معاونت کے تحت منصوبے بھی قومی و مقامی اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ قومی آبی تحفظ و سلامتی کے لیے وفاقی حکومت نے اس سال مالی بجٹ میں آبی منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے 330 ارب روپے کی اضافی رقم مختص کی ہے۔ ماضی کے تجربات کی روشنی میں اس سال مون سون سیزن میں ممکنہ سیلابی صورتحال اور خطرات سے بچاؤ کے لیے اقدامات جامع روڈ میپ کے تحت ترتیب دیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام صوبے مقامی سطح پر خطرے سے دوچار اضلاع میں دریاؤں کی گزرگاہوں اور سیلاب کی ممکنہ راستوں میں ناجائز تجاوزات اور دیگر مسائل کا پیشگی مؤثر حل یقینی بنائیں۔ مون سون کے دوران تمام ادارے اپنی مکمل ادارہ جاتی و تکنیکی استعداد کار کو عوام کی سہولت کے لیے استعمال کریں۔ اجلاس میں چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے اس سال مون سون کی پیشگی تیاری اور ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال اور موسمیاتی تغیر کے رجحان پر بریفنگ دی اور بتایا گیا کہ دنیا بھر میں اس سال گرمی کی شدید لہر اور غیر معمولی موسمیاتی تغیرات کے امکانات واضح ہیں۔ پاکستان میں بھی گرمی کی شدید لہر اور جولائی کے مہینے میں غیر معمولی بارشیں متوقع ہیں جن کے لیے مجوزہ حکمت عملی کے تحت تمام درکار انتظامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں وزیراعظم نے موسمیاتی تغیر اور مون سون کی ممکنہ تباہی سے یقینی بچاؤ کے لیے تمام وفاقی اور صوبائی متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو مکمل ہم آہنگی کے ساتھ موثر تعاون اور جامع حکمت عملی کے تحت کام کرنے کی ہدایات دیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ موسمیاتی تغیرات جیسے قومی خطرات سے بطریق احسن نبرد آزما ہونے کے لیے باہمی تعاون اور ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں۔ اجلاس میں چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے اس سال مون سون سیزن کی پیشگی تیاری اور عملی اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال، وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد لغاری، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، مشیر وزیراعظم برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ، وزیر مملکت خزانہ اظہر بلال کیانی، چیئرمین این ڈی ایم اے، چیئرمین واپڈا اور تمام صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور دیگر متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ 43

ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ معیشت کو اسلامی اصولوں سے ہم آہنگ کرنا ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔

سیکرٹری آبپاشی بلوچستان نے بلوچستان کے جائز حصے کے پانی، نہری نظام اور موجودہ صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

سندھ اور بلوچستان کے صوبوں کے نہری نظام کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی کا اجلاس

صوبائی وزیر آبپاشی کی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان کے جائز حصے کے زرعی پانی کے حصول کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں

نصیرآباد (خ ن) سندھ اور بلوچستان کے صوبوں کے نہری نظام کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں زرعی پانی کی مجموعی صورتحال بلوچستان کو اس کے حصے سے کم ملنے والے پانی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے موقع پر سیکرٹری انٹرا پروونشل کوآرڈینیشن بلاول بلوچ کو بلوچستان کے نہری نظام میں صوبے کے آئینی اور قانونی حصے کے زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے حوالے سے سیکرٹر (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر9)

عزیز اللہ کاکڑ کا چمن شہر کے مختلف شاہراہوں اور بازاروں کا دورہ

تجاوزات کے خلاف کارروائی اور نگرانی کا عمل مسلسل جاری رکھا جائے

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سٹی چمن، عزیز اللہ کاکڑ نے آج چمن شہر کے مختلف شاہراہوں اور بازاروں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد شہر میں ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا، تجاوزات کا جائزہ لینا اور ریڑھی بانوں کو مختص کردہ مقامات پر منتقل کرنے کے اقدامات کا معائنہ کرنا تھا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ریڑھی بانوں کو سختی سے ہدایت کی کہ آئندہ کسی بھی شاہراہ، بازار یا عوامی گزرگاہ پر ریڑھیاں کھڑی کرکے خرید و فروخت نہ کریں، کیونکہ اس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے، پیدل چلنے والوں کو مشکلات پیش آتی ہیں اور دکانداروں کو بھی مسائل (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر10)

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل نے بزرگ اور معذور افراد کے مسائل سن کر فوری احکامات جاری کر دیے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجگ نے بزرگ اور معذور افراد کے مسائل سن کر فوری احکامات جاری کر دیے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجگ نے اپنے دفتر میں بزرگ اور معذور افراد سے ملاقات کی، جہاں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں نے اپنے انفرا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر8)

سرکاری شعبے میں تمام نوجوانوں کو ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں، بلال کاکڑ

صوبے میں سرمایہ کاری، تجارت اور صنعتی ترقی کے فروغ کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

ڈاکٹر احسن اچکزئی نے بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کی تیاریوں اور رضا کار طلبا و طالبات کے کردار پر روشنی ڈالی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری، تجارت اور صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اسی وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ، بیوٹمز کے اشتراک سے آئندہ ماہ عالمی معیار کی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو منعقد کریگا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر7)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ودریندر لعل امن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بی ایف اے کی مختلف اضلاع میں ملاوٹی دودھ اور ناقص خوراک کے خلاف بھرپور کارروائیاں

فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر دکانیں سیل، جرمانے اور نوٹسز جاری، عوامی صحت کے تحفظ کا اعلان

آلودہ برتن، غیر صحت بخش ماحول اور صفائی کے ناقص انتظامات جیسے سنگین نقائص سامنے آئے

کوئٹہ (خ ن) ملاوٹی دودھ اور غیر معیاری خوراک کے خاتمے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے صوبے کے مختلف اضلاع میں بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 2 دودھ کی دکانیں سیل، 25 فوڈ بزنس آپریٹرز کو جرمانے اور 18 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ کارروائیوں کے دوران دودھ میں ملاوٹ، صفائی کی ناقص صورتحال، زائدا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر5)

سبی میں بلدیاتی ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری

کاغذات نامزدگی کیم جولائی سے وصول کیے جائیں ،اعلامیہ

سبی (خ ن) سبی میں بلدیاتی ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری، کاغذات نامزدگی کیم جولائی سے وصول کیے جائیں گیریٹرنگ آفیسر و اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ نے بلوچستان لوکل گورنمنٹ کے ضمنی انتخابات کے سلسلے میں پبلک نوٹس جاری کرتے ہو (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر6)

لوگ بھی اپنے حقوق، آئینی حیثیت اور سیاسی معاملات کے حوالے سے پہلے سے کہیں زیادہ باشعور ہو چکے ہیں

آج کا دور شعور، آگاہی اور سیاسی بیداری کا دور ہے، جے ڈبلیو پی

ترقیاتی عدم توازن، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور دیگر مسائل سے متعلق مختلف تحفظات اور مطالبات سامنے آتے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی نائب صدر زاہد احمد فاروقی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آج کا دور شعور، آگاہی اور سیاسی بیداری کا دور ہے۔ سیاست اب صرف بڑے شہروں، بااثر طبقوں یا بڑے صوبوں تک محدود نہیں رہی، بلکہ پہاڑوں، دور افتادہ علاقوں اور پسماندہ خطوں میں رہنے والے لوگ بھی اپنے حقوق، آئینی حیثیت اور سیاسی معاملات کے حوالے سے پہلے سے کہیں زیادہ باشعور ہو چکے ہیں (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر1)

نال، منشیات کے کاروبار میں اضافہ نوجوان نسل کی مستقبل داؤں پر لگ گئی

نال (آن لائن) گرد و نواح میں منشیات کے کاروبار میں اضافہ، نوجوان نسل متاثر نال اور گرد و نواح کے مختلف علاقوں میں مبینہ طور پر منشیات کے کاروبار میں تشویشناک اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جس پر عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق منشیا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر4)

اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد اور ایکسین بلڈنگ کا BSD اسکیمات کا دورہ

تحصیل خالق آباد میں بی ایس ڈی آئی اسکیمات کامیابی سے تکمیل کے مراحل میں ہیں

قلات (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی پرعزم قیادت اور وژن کے تحت ضلع قلات کے تحصیل خالق آباد میں بی ایس ڈی آئی اسکیمات کامیابی سے تکمیل کے مراحل میں ہیں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے مقامی کمیونٹی مستفید ہوگی ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد ڈاکٹر علی گل عمرانی ایکسین بلڈنگ نیاز احمد ہنگورئی نے BSDI اسکیمات کا دورہ کیا ترقیاتی منصوبوں کی مزمانیٹرنگ اور پیش رفت کا جائزہ لیا بی ایس ڈی آئی کی مختلف اسکیموں کی انسپکشن بھی کی اور کام کے معیار کا بغور جائزہ لیا گیا محکمہ مواصلا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر2)

دہشتگردی پر قابو پانے کیلئے عوام کا تعاون ناگزیر ہے، زمرک خان اچکزئی

بلوچستان میں دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے مختلف اقدامات لیے جا رہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی کا خطاب

پرتشدد انتہا پسندی کے انسداد پر ادارہ جاتی اور پارلیمانی استعداد کو مضبوط بنانے کے حوالے سے راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، حکومت بلوچستان اور سسٹینبل سوشل ڈیولپمنٹ ارگنائزیشن (SSDO) اور برطانوی ہائی کمیشن کے اشتراک سے (بلوچستان میں انسداد دہشت گردی، دہشت گردوں کی مالی معاونت اور پرتشدد انتہا پسندی کے انسداد پر ادارہ جاتی اور پارلیمانی استعداد کو مضبوط بنانے کے) کے عنوان سے سرینا ہوٹل کوئٹہ میں ایک اہم راؤنڈ ٹیبل کانفرنس منعقد ہوئی کانفرنس میں سرکا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر3)

لورالائی نائب تحصیلدار محمد عظیم خان شہر کے مختلف دکانوں میں گوشت سبزی کی معیار اور ریٹ چیک کررہے ہیں

ٹیل کے آبادگار شدید آبی بحران کا سامنا کر رہے ہیں، انور بلوچ

پانی کی غیر منصفانہ فراہمی کے باعث کسان شدید مشکلات میں مبتلا ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات انور بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے نصیرآباد ڈویژن، جعفرآباد، نصیرآباد، صحبت پور کے ٹیل کے آبادگار اس وقت شدید آبی بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ پٹ فیڈر کینال سے ٹیل کے علاقوں تک پانی کی غیر منصفانہ فراہمی کے باعث کسان شدید مشکلات میں مبتلا ہیں اور صورتحال روز بروز سنگین ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت خریف کا سیزن ہے (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر14)

سبی، پیرنٹنگ ماہ کے موقع پر سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد

سبی (خ ن) ضلع سبی میں پیرنٹنگ ماہ کے موقع پر ایک روزہ سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی نے قیادت کی، واک ڈپٹی کمشنر آفس سے مین گیٹ تک نکالی گئی، اسسٹنٹ کمشنر سبی سید منصور شاہ نے واک قیادت کی۔ ضلعی انتظامیہ سبی، محکمہ صحت بلوچستان، بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ اور یونیسیف کے مشترکہ تعاون سے پیرنٹنگ ماہ کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار اور آگاہی واک منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر13)

نصیرآباد، تہرے قتل اور قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم آلہ قتل سمیت گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات و احکامات پر ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد شمن سولنگی کی نگرانی میں پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی، سی آئی اے نصیر (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر11)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار نادر علی کی والدہ کو بینوولنٹ فنڈ کی مد میں 8 لاکھ 14 ہزار روپے کی ادائیگی کروادی گئی

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار نادر علی نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ان کی والدہ، بی بی زبیدہ، 2013 سے ماہانہ بینوولنٹ (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر12)

محمد حسن بخشی کی وفد کے ہمراہ معین الرحمٰن خان سے ملاقات

گوادر کی ترقی ایک طویل المدتی اور سائنسی منصوبہ بندی کے تحت جاری ہے

جب ہاؤسنگ منصوبوں میں عملی کام شروع ہوگا تو سرمایہ کاروں کو مزید اطمینان اور اعتماد حاصل ہوگا

گوادر (خ ن) چیئرمین ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز پاکستان (ABAD) محمد حسن بخشی نے ایک وفد کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر جی ڈی اے معین الرحمٰن خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر کی تیز رفتار تعمیر و ترقی، ہاؤسنگ سیکٹر کو درپیش چیلنجز، ماسٹر پلان پر عملدرآمد، نجی شعبے کی سرمایہ کاری، تعمیراتی سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی، (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر16)

ڈی سی چمن کی زیر صدارت نئے سکول یونیفارم کی تقریب رونمائی

معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، حبیب ہنگورئی

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد ہنگورئی کی زیر صدارت گورنمنٹ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول چمن میں نئے سکول یونیفارم کی تقریب رونمائی کا انعقاد کیا گیا تقریب کے آغاز میں سکول کے ہیڈ ماسٹر نے ادارے میں جاری تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی کارکردگی، طلبہ کی حاضری، تعلیمی نظم و ضبط اور سکول کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر چمن کو تفصیلی بریفنگ دی (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر19)

معروف زمیندار، سماجی شخصیت اور عوامی ہمدرد میر بہادر خان کھوسہ سے ملاقات

صحبت پور (آن لائن) ضلع صحبت پور کی تحصیل فرید آباد کے معروف زمیندار، سماجی شخصیت اور عوامی ہمدرد میر بہادر خان کھوسہ (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر18)

ٹیلی نار پاکستان کو تمام قانونی منظوریوں کے بعد باضابطہ طور پر پی ٹی ایم ایل میں ضم کر دیا گیا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ٹیلی نار پاکستان جولائی 2026 سے باضابطہ طور پر پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) (یوفون5G) میں ضم کر دیا گیا ہے، جس کے ساتھ ہی (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر17)

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے ممبران کی ملاقات

حکومت کی طرف سے کسان کارڈ کے حصول اور استعمال کا طریقہ کار بھی سمجھا رہے ہیں

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجگ سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے ممبران نے ملاقات کی اس موقع پہ اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ کاکڑ بھی موجود تھے زمیندار ایکشن کمیٹی کے ضلعی چیئرمین حاجی عصمت اللہ اور ضلعی ممبران جمال الدین ملا محمد گل ملیزئی عبدالوحاب حسن خیل نیز زمینداروں کے مسائل اور حالیہ سیلابی صورتحال کی وجہ سے نقصانات پر تبادلہ خیال (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر20)

محکمہ مواصلات و تعمیرات بلوچستان کی بڑی کامیابی، 192 سب انجینئرز کی تقرری کے احکامات جاری

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات و تعمیرات بلوچستان کی بڑی کامیابی، 192 سب انجینئرز کی تقرری کے احکامات جاری محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان نے ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے بلوچستان پبلک سروس (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر15)

وجیہہ بابر ہزارہ کی خاندانی جائیداد کے تنازع میں اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل

جائیداد کی تقسیم میں بے ضابطگیوں اور ہراسانی کے الزامات، ہائی کورٹ میں آج سماعت مقرر

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ علمدار روڈ کی رہائشی طالبہ وجیہہ بابر ہزارہ نے فیلڈ مارشل، چیف جسٹس، صدر، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر حکام سے خاندانی جائیداد کے تنازع میں انصاف کی فراہمی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ آبائی جائیداد کی تقسیم غیر منصفانہ انداز میں کی گئی اور قانونی عمل میں سنگین بے ضابطگیاں ہوئیں سول ناظر کی رپورٹ میں مبینہ طور پر ردو (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر21)

گوادر میں صحت سہولیات کی بہتری کیلئے پاک بحریہ کے کردار کو سراہا گیا، عوامی فلاحی اقدامات جاری رکھنے کا عزم

مولانا ہدایت الرحمن کا گوادر شفا جاہ ہسپتال کا دورہ، بحالی کو صحت کے شعبے میں اہم پیشرفت قرار

گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری اور عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں ہر سطح پر جاری رکھیں گے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا گوادر میں شفا جاہ ہسپتال کا دورہ، ہسپتال کی بحالی کو گوادر کے لیے خوش آئند پیش رفت قرار دیا۔ بلوچستان کے عوام کو صحت و تعلیم کی سہولیات پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر قائد حق دو تحریک مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے شفا جاہ ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر30)

کوئٹہ: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بیوٹمز میں بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ڈاکٹروں کی ہڑتال، مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا پرائیویٹ ہسپتال آباد سول ہسپتال ویران

خضدار (آن لائن) ڈاکٹروں کی ہڑتال، مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا۔ پرائیویٹ اسپتال آباد سول اسپتال ویران۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے سرکاری اسپتال میں ڈاکٹروں کی ہڑتال کے باعث علاج معالجے کا نظام شدید متاثر ہوگیا ہے، جس کے نتیجے میں غریب اور نادار (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر29)

کوئٹہ: ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان بلوچستان میں انسداد دہشت گردی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی کی ہدایت پر شہر بھر میں صفائی مہم بلاتعطل جاری

لورالائی (خ ن) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی کی ہدایت پر شہر بھر میں صفائی مہم بلاتعطل جاری صوبائی حکومت کے وژن اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایات کی روشنی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ بلوچ کی نگرانی میں شہر بھر میں صفائی ستھرائی کا عمل بھرپور انداز (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر28)

رائٹ ٹو انفارمیشن ایک طاقتور ٹول ہے، شاہ بران کاکڑ

معلومات تک رسائی پر ڈسٹرکٹ سیمینار میونسپل کمیٹی ہال ژوب میں منعقد

ژوب (آن لائن) ایڈ بلوچستان نے نیشنل اینڈومنٹ فار ڈیموکریسی (NED) کے تعاون سے ڈسٹرکٹ ژوب میں رائٹ ٹو انفارمیشن معلومات تک رسائی پرا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر31)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس

باہمی ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ودریندر لعل کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی نصیر آباد، ڈی ایس پی نصیرآباد اسسٹنٹ کمشنر نصیرآباد منظور شیرازی کے علاوہ مختلف مکاتب فکر کے نمائندگان، علمائے کرام، قبائلی عمائدین اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران شہریوں کو درپیش مسائل، امن و امان کی مجموعی صورتحال اور باہمی ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں بات چیت کرتے ہوئے علمائے کرام نے 10 محرم الحرام کے موقع پر (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر26)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) لورالائی کی زیر صدارت اجلاس

موثر اور عوام دوست بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) لورالائی علی نواز جمالی کی زیر صدارت ضلع بھر میں صحت کے نظام کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول کاکڑ، پی پی ایچ آئی (PPHI) کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر (DSM) فرحان، محکمہ صحت کے متعلقہ افسران، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، ڈاکٹرز اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر27)

گرینڈ الائنس ایکشن ژوب کی 17 جون کو کوئٹہ میں اپنے جائز مطالبات کے حق میں نکالی گئی

ژوب (آن لائن) گرینڈ الائنس ایکشن کمیٹی ژوب کے بیان کے مطابق 17 جون 2026 کو کوئٹہ میں اپنے جائز مطالبات کے حق میں نکالی گئی پرامن ریلی پر نا اہل صوبائی حکومت بلوچستان کی جانب سے سخت کارروائی کی گئی، جس میں لاٹھی چارج شیلنگ اور ربڑ کی گولیوں سے فائرنگ (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر25)

میر عبدالقدوس مینگل کے جوان سال فرزند محمد ناصر مینگل طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کے ممبر سابق DC نوشکی، خاران، حاجی میر عبدالقدوس مینگل کے جوان سال فرزند محمد ناصر مینگل طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے جو ڈاکٹر عبدالروف مینگل، سیکشن آفیسر جنگلات حماد مینگل، سول سیکریٹریٹ کے فضل اللہ مینگل کے بھتیجے تھے فا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر24)

نائب تحصیلدار لورالائی کا مختلف مارکیٹوں، دکانوں اور تجارتی مراکز کا معائنہ

قصابوں کی دکانوں پر گوشت کے سرکاری نرخ، معیار اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی، کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ نے عوام کو سرکاری نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مرکزی بازار میں اچانک پرائس کنٹرول کارروائی کی۔ اس موقع پر نائب تحصیلدار عظیم نے مختلف مارکیٹوں، دکانوں اور تجارتی مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قصابوں کی دکانوں پر گوشت کے سرکاری نرخ، معیار اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ سرکاری نرخ سے زائد قیمت وصول کرنے والے متعدد دکانداروں کو موقع پر جرمانے کیے گئے جبکہ تمام قصابوں کو نمایاں (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر22)

دالبندین پریس کلب کی کابینہ کا ایک اہم اجلاس

پریس کلب کو درپیش مختلف امور اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی غور

دالبندین (آن لائن) دالبندین پریس کلب کی کابینہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پریس کلب کو درپیش مختلف امور اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پاد رند نے کی۔ اجلاس میں نئے اراکین کی شمولیت، تنظیمی امور اور دیگر اہم معاملات زیر بحث آئے۔ اجلاس کے دوران پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ حاجی عبد الستار کشانی اور آغا علی دوست مرحوم کے انتقال پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ متفقہ طور پر علی احمد ریکی کو دالبندین پریس کلب کا نیا سرپرست اعلیٰ مقرر کرنے کی منظو (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر23)

سندھ طاس معاہدہ جنوبی ایشیا میں امن واستحکام کی علامت ہے، ملک عیسیٰ خان ملازئی، خانزادہ یونس خلجی

سندھ طاس معاہدہ خطے کے امن، بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کی بنیاد ہے، پیپلز پارٹی

کروڑوں انسانوں کے پانی، خوراک اور روزگار کو خطرے میں ڈالنے والا کوئی بھی اقدام عالمی برادری کیلئے لمحہ فکریہ ہونا چاہیے

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان خانزادہ یونس خلجی نے سندھ طاس معاہدے پر منعقدہ بین الاقوامی سیمینار کو بروقت اور انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی اور بین الاقوامی ماہرین نے حقائق، بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی روشنی میں پاکستان کے موقف کو موثر انداز میں دنیا کے (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر32)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ، دیہہ کے عوام پانی کے بوند بوند کو ترس رہے ہیں

غفلت کی وجہ سے پچھلے پانچ سال سے ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں

کوئٹہ (آن لائن) دیہہ کے عوام پانی کے بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ واسا حکام کے بلند بانگ دعوے ڈھونگ ہیں۔ دیہہ کے دو ہزار گھرانے پچھلے پانچ سال سے پانی سے محروم ہیں۔ گورنر ہاؤس اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کے ناک کے نیچے کوئٹہ کا قدیم آبادی دیہہ واسا حکام کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے پچھلے پانچ سال سے ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں۔ چند سال قبل دیہہ کو پین کار (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر34)

میونسپل کمیٹی کے چیئرمین اور وائس چیئرمین بلا مقابلہ منتخب، ریٹرننگ آفیسر نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کوہلو (آن لائن) میونسپل کمیٹی کوہلو کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی خالی نشستوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات میں ایڈوکیٹ علی شیر زرکون بلا مقابلہ چیئرمین جبکہ خاتون امیدوار بلا مقابلہ وائس چیئرمین منتخب ہو گئے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل اور ریٹرننگ و پریزائیڈنگ آفیسر میونسپل کمیٹی کوہلو حفیظ اللہ مری نے بلوچستان لوکل گورنمنٹ الیکشن رولز کے رو (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر35)

وڈھ میں فائرنگ کے بعد بازار مکمل بند، شہری شدید مشکلات سے دوچار

خضدار (آن لائن) وڈھ میں فائرنگ کے بعد بازار مکمل بند، شہری شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر33)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے تحت صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر36)

روزینہ خلجی کی سرکاری اسپتالوں میں ہڑتال اور طبی سہولیات کی بندش پر شدید تنقید

انسانیت کے مسیحا سیکورٹی کے نام پر مریضوں کے جانوں سے کھیل رہے ہیں

حکومت مریضوں کی مشکلات کے ازالے کیلئے اقدامات اور مسئلہ کا حل نکالا جائے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن روزینہ خلجی نے سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی اور دیگر سروسز کی بندش اور تکلیف میں مبتلا خاتون کو لیبر روم سے بغیر علاج کے دھکے دیکر نکالنے کی مذمت کرتے ہوئے وائی ڈی اے کی ہڑتال کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا اور ان کی جانیں ضائع ہورہی ہے حکومت مریضوں کی مشکلات کے ازالے کے لئے اقدا (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر37)

کوئٹہ، تجاوزات کے خلاف جاری مہم کے تحت کاسی روڈ پر انسداد تجاوزات آپریشن

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ اور میٹرو پولیٹن کارپوریشن کا صوبائی دارالحکومت میں تجاوزات کے خلاف جاری مہم کے تحت کاسی روڈ پر انسداد تجاوزات آپریشن کیا گیا۔ آپریشن اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ کی نگرانی میں ٹریفک پولیس (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر38)

ڈپٹی کمشنر دکی کا مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ تعمیراتی معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت محکمہ بلڈنگز اینڈ روڈز (بی اینڈ آر) کی جانب سے ضلع کے مختلف علاقوں میں جاری گلیوں اور نالیوں کی تعمیر کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر ایکسین روڈ شوکت علی پرکانی اور سب ڈویژنل آفیسر (ایس ڈی او) بشیر خان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے جاری منصوبوں میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، کام کے معیار، رفتار، شفافیت اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا، جبکہ متعلقہ حکام سے منصوبوں کی تکمیل کے (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر39)

کارکن کسی بھی جماعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، جہانگیر شاہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رہنما سید جہانگیر شاہ نے نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی جانب سے بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کو درپیش مسائل کے حل کیلئے شیخ جعفر خان مندوخیل (صفحہ نمبر3 بقیہ نمبر40)

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کی سربراہی میں ایک وفد ڈپٹی کمشنر گوادر، نقیب اللہ کاکڑ سے ملاقات کررہا ہے

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com